# نادِ علی

کی مدد سے

# مشکلات سے نجات


افادات
سید عبدالرحمٰن شاہ گیلانی
ترتیب و تدوین
منصور احمد بٹ


Marfat.com

# نادِ علی
# کی مدد سے
# مشکلات سے نجات

ازافادات

پیر سید عبدالرحمٰن شاہ الگیلانی

ترتیب و تدوین

منصور احمد بٹ

پبلشرز
عظیم اینڈ سنز، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور

Marfat.com

جملہ حقوق محفوظ

2000ء

محمد عظیم بٹ نے

گنج شکر پرنٹرز سے چھپوا کر

الکریم مارکیٹ' اردو بازار' لاہور

سے شائع کی

قیمت : 30 روپے

Marfat.com

# فہرست


| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| نادِ علیؑ | 9 |
| مفید عمل ناد علی (کرم اللہ وجہ الکریم) | 10 |
| نبی کریم ﷺ کی زیارت حاصل ہو | 10 |
| حصول زیارت حضور نبی کریم ﷺ | 10 |
| رضائے الٰہی کی خوشنودی حاصل ہو | 12 |
| اللہ تعالیٰ اپنے حفظ وامان میں رکھے | 12 |
| حصول مغفرت | 13 |
| حاجت روائی کیلئے مفید عمل | 14 |
| حصول عزت وشوکت | 15 |
| حاکم مہربان ہو جائے | 16 |
| مفید عمل | 16 |
| حاجت پوری ہو جائے | 17 |
| دینی ودنیاوی سعادت | 17 |
| بلند مرتبہ حاصل ہو | 18 |
| حاجت روائی کے لئے | 19 |
| حاجت پوری ہو جائے | 20 |
| کلی حاجات کے لئے | 21 |
| خزینہ علم کیلئے | 21 |
| حاجات پوری ہو جائیں | 22 |
| عبادت میں توجہ ویکسوئی کے لئے | 23 |
| دکان میں خیر وبرکت پیدا ہو | 24 |

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| مشکلات کے حل کیلئے | 25 |
| مراد پوری ہو جائے | 26 |
| حاجت پوری ہو جائے | 27 |
| برائے قبولیت دعا | 28 |
| اسرار غائب ظاہر ہو | 29 |
| جاہ مقبولیت ہونے کیلئے | 29 |
| قضائے حاجات کیلئے | 30 |
| دل نورانی ہو | 30 |
| قبر میں جسم محفوظ | 30 |
| گناہوں سے نجات کے لئے | 31 |
| وافر روزی حاصل ہو | 31 |
| غیب کی باتیں معلوم کرنے کیلئے | 32 |
| حصول فضل الٰہی | 32 |
| کلی حاجات پوری ہو جائے | 32 |
| حاجت پوری ہو جائے | 33 |
| خلائق میں مقبولیت پیدا ہو | 34 |
| حاجت روائی کیلئے مفید عمل | 35 |
| عزت وجاہ حاصل ہو | 36 |
| حل المہمات | 36 |
| حصول مقاصد کیلئے | 37 |
| برائے حصول دولت | 37 |


Marfat.com

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| علم و حکمت کیلئے | 38 |
| نظر بد سے محفوظ | 38 |
| عزت و دولت حاصل ہو | 39 |
| تہمت سے چھٹکارا | 39 |
| رزق میں خیر و برکت پیدا ہو | 40 |
| بد عادات سے نجات | 41 |
| قید سے رہائی حاصل ہو | 42 |
| مصائب سے چھٹکارا | 43 |
| گمشدہ واپس لوٹ آئے | 44 |
| نیک اور صالح اولاد حاصل ہو | 45 |
| رزق میں فراخی پیدا ہو | 46 |
| مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو | 47 |
| میاں بیوی میں محبت پیدا ہو | 48 |
| حصول رشتہ کیلئے | 50 |
| مشکلات کے حل کیلئے | 51 |
| حاجت پوری ہونے کیلئے | 52 |
| پریشانیوں سے نجات | 53 |
| غم و پریشانی سے نجات | 54 |
| رنج و غم سے چھٹکارا | 55 |
| درجات بلند ہو جائیں | 55 |
| محبت میں گرفتار ہو جائے | 55 |
| خود بخود محبت پیدا ہو | 56 |
| ظالم کے شر سے محفوظ | 56 |
| حصول شجاعت و بہادری | 56 |

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| خوف سے چھٹکارا | 57 |
| مشکل دور ہو جائے | 57 |
| سفر میں سلامتی کیلئے | 57 |
| بانجھ پن سے نجات | 58 |
| فتح و کامیابی کیلئے | 58 |
| سفر میں کامیابی کیلئے | 59 |
| غم و پریشانی کا خاتمہ | 60 |
| برے خیالات سے چھٹکارا | 60 |
| شیطانی وسواس دور ہو جائے | 61 |
| بری عادتیں ختم ہوں | 61 |
| اغوا شدہ کی بر آمدگی کے لئے | 62 |
| مرض کوڑھ کا خاتمہ | 63 |
| آسیب کا اثر زائل ہو | 64 |
| رزق میں خیر و برکت کیلئے | 65 |
| مشکل ختم ہو جائے | 66 |
| انجان لوگوں میں شناسائی پیدا ہو | 67 |
| درندوں کے شر سے محفوظ | 68 |
| قوت حافظہ کے لئے | 69 |
| بلند مرتبہ کے حصول کیلئے | 70 |
| رنج و غم کے خاتمہ کیلئے | 71 |
| دولت کے حصول کیلئے | 71 |
| حصول شجاعت کیلئے | 72 |
| باطن کی صفائی کیلئے | 72 |
| بیٹا پیدا ہو | 73 |


Marfat.com

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| روزی میں برکت ہو | 73 |
| وافر پیداوار ہو | 74 |
| رزق میں خیر وبرکت | 74 |
| حمل محفوظ رہے | 75 |
| مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو | 75 |
| شادی کیلئے مفید عمل | 76 |
| رزق کی فراوانی کیلئے | 77 |
| صحیح راستے کی نشاندہی کیلئے | 78 |
| اضافہ رزق کیلئے | 79 |
| ہر کام میں کامیابی وکامرانی کیلئے | 80 |
| مریضوں کی مایوسی دور ہو | 81 |
| ضعف کے خاتمہ کیلئے | 81 |
| بیماری سے محفوظ | 82 |
| بخار سے نجات | 82 |
| رنج وغم دور ہو جائے | 83 |
| مرگ مفاجات سے محفوظ | 83 |
| بچھو کے کاٹے کا علاج | 83 |
| بے خوابی کے خاتمہ کیلئے | 84 |
| اٹھرا کے مرض سے نجات | 85 |
| امراض سے شفایابی کیلئے | 86 |
| دماغ کی تقویت کیلئے | 87 |
| تریاق زہر | 88 |
| غم دو ہو جائے | 89 |
| بانجھ دور ہو جائے | 90 |
| امراض چشم کیلئے | 91 |
| خونی بواسیر کیلئے | 92 |
| مرض آتشک کا خاتمہ | 93 |
| قوت نظر کیلئے | 94 |
| درد شقیقہ کا خاتمہ | 95 |
| مرض نسیان کا خاتمہ | 96 |
| بیماری سے شفایابی کیلئے | 97 |
| خسرہ کے مرض سے محفوظ | 98 |
| بچھو کے ڈنگ کا اثر زائل | 99 |
| زخم ٹھیک ہو جائے | 100 |
| بے خوابی دور جائے | 101 |
| نظر بد کو ختم کرنے کیلئے | 102 |
| کھالی کھانسی دور کرنے کیلئے | 103 |
| فالج کے مرض سے نجات | 104 |
| درد قولنج کا خاتمہ | 105 |
| ہر بیماری کے خاتمہ کیلئے | 106 |
| سانپ کاٹے سے محفوظ | 107 |
| مرض طاعون سے محفوظ | 108 |
| لاعلاج امراض سے شفایابی کیلئے | 109 |
| دکھتی آنکھوں کا علاج | 110 |
| آشوب چشم سے نجات | 111 |
| دافع جن وآسیب | 112 |
| جادو سحر سے محفوظ | 113 |
| دشمن مطیع ہو جائے | 114 |


Marfat.com

| نام مضامین | صفحہ نمبر |
|---|---|
| دشمن کی بدی سے محفوظ | 115 |
| غربت سے نجات | 116 |
| قرض کی ادائیگی کیلئے | 117 |
| بچہ خواب میں ڈر جاتا ہو تو | 118 |
| فتح وکامرانی کیلئے | 119 |
| عہدہ میں ترقی کیلئے | 120 |
| کاروبار میں ترقی کیلئے | 121 |
| حصول ملازمت کیلئے | 122 |
| شیطان کے شر سے محفوظ | 123 |
| حصول رشتہ کیلئے | 124 |
| فتح وکامیابی کیلئے | 125 |
| سفر میں کامیابی کیلئے | 126 |
| دشمن کے نقصان سے محفوظ | 127 |
| جھوٹ بولنے سے نجات | 128 |
| حصول عزت وحرمت | 129 |
| دوست بنانے کیلئے | 130 |
| دشمن کی ہلاکت کیلئے | 131 |
| مخالفین کو زیر کرنے کیلئے | 132 |
| رزق کی فراوانی کیلئے | 133 |
| دشمن پر فتح حاصل ہو. | 134 |
| رزق میں خیر وبرکت کیلئے | 135 |
| حادثات سے محفوظ | 136 |
| دافع آفات ومصائب | 137 |
| میاں بیوی میں نااتفاقی دور ہو جائے | 138 |
| بدعادات سے نجات | 139 |
| روزگار کے حصول کیلئے | 140 |
| طبیعت میں نرمی پیدا ہو جائے | 141 |
| ادائیگی قرض کیلئے کیلئے مفید عمل | 142 |
| حصول ترقی وعزت | 143 |
| رزق فراخ حاصل ہو | 144 |
| زوجین میں سلوک واتفاق پیدا ہو | 145 |
| گمشدہ کی خبر مل جائے | 146 |
| حاکم کو تسخیر کرنے کیلئے | 147 |
| دشمن سے محفوظ | 148 |
| پوشیدہ خزانے ظاہر ہوں | 149 |
| جن وانس کے شر سے محفوظ | 150 |
| لوگ تعظیم کریں | 151 |
| قید سے رہائی کیلئے | 152 |
| بے خوابی کے خاتمہ کے لئے | 153 |
| حصول گمشدہ اشیاء | 154 |
| مقدمہ میں فتح حاصل ہو | 155 |
| مطلوبہ جگہ پر نکاح ہو | 156 |
| آفات سے محفوظ | 157 |
| بری عادات سے چھٹکارا | 158 |


Marfat.com

# حرف آغاز

عزیزی قارئین محترم!

السلام علیکم!

بندۂ ناچیز آپ کی خدمت اقدس میں عملیات قرآنی کی مقدس کتب کے سلسلہ کی ایک اور کتاب پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ بزرگوں کا کہنا ہے کہ اگر ان عملیات اور وظائف کو پوری شرائط اور شرعی امور کی پاسداری کے ساتھ کیا جائے تو عامل کو صد فیصد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

ان شرائط میں جلالی و جمالی پرہیز' حلال و حرام میں تمیز' مسائل وضو اور نماز وغیرہ شامل ہیں۔ بصورت دیگر بسا اوقات نقصان کا بھی احتمال موجود رہتا ہے۔ ان عملیات کو سرانجام دینے سے پہلے کسی استاد یا مرشد کی راہنمائی حاصل کرلی جائے تو ازحد بہتر ہے۔

Marfat.com

## مفید عمل ناد علی (کرم اللہ وجہ)

درود شریف ہر عمل کے ساتھ اول و آخر تین، سات، نو، گیارہ یا ایک سو ایک مرتبہ۔۔۔اپنے مقدور بھر پڑھنا لازم ہے۔

## نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت حاصل ہو

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کے حصول کے لئے ہر روز سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ صلی اللہ علیہ وسلمؐ زیارت نصیب ہو گی۔

## حصول زیارت حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم

حضور پر نور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کرنے کے لئے کامل طہارت کے ساتھ بعد نماز عشا اول و آخر درود شریف سو بار

Marfat.com

اور 500بار ناد علی کرم اللہ وجہ، پڑھے اور باوضو سو جائے۔انشاء اللہ العزیز اسی شب دولت دیدار سے مشرف ہو گا۔

## خواب میں انبیاء کرام علیہ السلام کی زیارت ہو

اگر کوئی بھی حضور کریم ﷺ اور آئمہ طاہرین کے انوار جمال کی سعادت حاصل کرنا چاہتا ہو تو شب جمعہ شروع ماہ زائد النور میں بوقت شب ایک ہزار مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور نماز عشاء پڑھ کر دو رکعت نماز نفل کے بعد غسل کر کے لباس پاک پہنے اور خوشبو لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں زیارت سے مشرف ہو گا اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

## حاجات پوری ہوں

کسی مہم کو جلد آسان کرنا ہو تو نماز حاجت کی نیت سے ہر رکعت میں بعد الحمد تین تین بار سورہ اخلاص پڑھے اور ثواب اس کا بروح پاک حضرت علی کرم اللہ وجہ کو بخشے، بعد میں 70 مرتبہ ناد علی کرم اللہ وجہ پڑھے۔ انشاء اللہ اسی دن کامیاب ہو گا۔ ورنہ تین دن یہ عمل کرے۔

Marfat.com

## رضائے الٰہی کی خوشنودی حاصل ہو

اللہ تعالیٰ کی رضا و خوشنودی حاصل کرنے کے لئے ہر روز بلا ناغہ نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ دعا قبولیت کی سند حاصل کرے گی۔

## اللہ تعالیٰ اپنے حفظ و امان میں رکھے

مندرجہ بالا عمل سے اللہ تعالیٰ بندے پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ اس عمل پر ہمیشگی اختیار کرنے والے کو اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھتا ہے اور اس سے راضی رہتا ہے۔

## عبادت میں توجہ و یکسوئی حاصل ہو

اگر کسی کا دل اللہ تعالیٰ کی عبادت کی طرف مائل نہ ہو عبادت کرتے ہوئے کاہلی سی محسوس ہوتی ہو یا دھیان کسی اور طرف مسلسل جاتا رہتا ہو طبیعت میں ٹھہراؤ اور توجہ و یکسائی کی کیفیت پیدا نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی طبیعت عبادت الٰہی کی طرف راغب ہو گی۔

Marfat.com

اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اس کو عبادت کرنے میں سکون قلبی نصیب ہو گا اور توجہ و یکسائی کی دولت حاصل ہو گی۔

## طلب مغفرت کیلئے

جو کوئی اپنے آپ کو بہت زیادہ گنہگار سمجھتا ہو اور گناہوں سے تائب ہو کر سیدھی راہ پر آنا چاہتا ہو اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طلبگار ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد جس قدر بھی ہو سکے ناد علیؑ پڑھ لیا کرے۔

## حصول مغفرت

جو اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا طلب گار ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد جس قدر بھی ہو سکے ناد علیؑ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظر عنایت فرمائے گا۔ اس کو نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا اور اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## ہر قسم کی حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی جائز دینی و دنیوی حاجات کے لئے یہ عمل نہایت

Marfat.com

مفید ہے جو بھی حاجت ہو اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے جلد پورا کروانے کی غرض سے چاند کے مہینہ کے عروج میں ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ناد علیؑ ساٹھ بار پڑھے۔

اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں ناد علیؑ کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے پھر پچاس مرتبہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم پڑھے۔

یہ پڑھنے کے بعد پچاس مرتبہ استغفراللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ پڑھے۔ اس کے بعد پچاس مرتبہ درود پاک پڑھے اسی طرح چاروں رکعت مکمل کر لے اور پھر حضوری قلب اور توجہ ویکسائی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ خوب عاجزی اور انکساری دکھائے۔

ہر روز بلاناغہ اس وقت تک پڑھے جب تک کہ حاجت پوری نہ ہو جائے۔

## حاجت روائی کیلئے مفید عمل

ہر طرح کی جائز حاجت روائی کے لئے یہ نماز بزرگان دین

Marfat.com

سے منقول ہے۔ یہ نماز ہر حاجت پورا کرنے کے لئے مجرب و درست ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس مقصد کے لئے عمل کرنا ہو اس کا ارادہ کرے اور دو رکعت نفل نماز ایک سلام ادا کرے جب سلام پھیرے تو اپنا دایاں رخسار زمین پر رکھ کر اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے پھر اپنا بایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اپنی پیشانی زمین پر رکھ دے اور جس مقصد کے لئے نماز ادا کی ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جو بھی جائز حاجت ہو گی وہ پوری ہو گی۔

## حصول عزت و شوکت

عزت و شوکت کے حصول کے لئے ہر روز دس مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں۔

## حکام کی نظر میں مقبولیت

ہر روز ایک سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے حکام کی نظر میں مقبول ہو گا۔

Marfat.com

## حاکم مہربان ہو جائے

جب حاکم غصہ میں بھرا ہوا ہو تو اس کے سامنے سات مرتبہ آہستہ آہستہ ناد علیؑ پڑھے تو وہ مہربان ہو جائے گا۔

## حصول حب کے لئے

اگر کوئی شخص ہر روز ناد علیؑ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر شخص اس کو دوست رکھے گا۔

## حاجت روائی کیلئے

اگر کوئی بعد غسل لباس پاک و صاف پہن کر خوشبو لگائے اور دو رکعت نماز قاضی الحاجات کی درگاہ میں بجالائے اور عود جلا کر ایک ہزار اٹھارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور سجدے میں جا کر خدا تعالیٰ سے اپنی حاجت طلب کرے تو اسی وقت بطفیل ناد علیؑ اس کی حاجت پوری ہو گی۔

## مفید عمل

ہفتہ کے روز غسل کر کے دو رکعت نماز ادا کی جائے اور بارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر مسجد میں جا کر دعا مانگے تو حاجت پوری ہو گی۔

Marfat.com

## حل المشکل

امور مشکلات کے آسان ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ ناد علیؑ کے پڑھنے سے تمام مشکلات آسان ہوں گی۔

## حاجت پوری ہو جائے

حاجتوں کے بر آنے اور مشکلات کے حل ہونے کی نیت سے ہر روز ایک سو ستر مرتبہ بارہ روز تک پڑھیں۔ کامیابی ہو گی۔

## دینی و دنیاوی سعادت

سعادت دینی و دنیاوی کے حاصل ہونے کے لئے ستر روز تک ہر روز مرتبہ پڑھیں۔

## تسخیر قلب کیلئے

تسخیر قلوب کے لئے ایک ہزار مرتبہ دس روز تک پڑھنے سے ضرور مطلب پورا ہو گا۔

## بلند مرتبہ رزق کی فراخی کیلئے

اگر کوئی توسیع رزق اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لئے ہر روز صبح کے وقت پڑھے گا تو اس کو مقصد میں کامیابی ہو گی۔

Marfat.com

## بلند مرتبہ حاصل ہو

ہر صبح اٹھارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو مراتب میں بلندی نصیب ہو گی۔

## کلی حاجات کیلئے

اگر کوئی بھی ہمیشہ ناد علیؑ پڑھے تو وہ کبھی مشکل سے دوچار نہ ہو اور ہر حاجت خدا اس کی پوری کرے گا۔

## طلب بخشش

جو کوئی اپنے آپ کو بہت زیادہ گنہگار سمجھتا ہو اور گناہوں سے تائب ہو کر سیدھی راہ پر آنا چاہتا ہو اللہ تعالیٰ سے بخشش کا طلب گار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد جس قدر بھی ہو سکے ناد علیؑ پڑھ لیا کرے۔

## طلب مغفرت

جو اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا طلبگار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد جس قدر بھی ہو سکے ناد علیؑ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اس بندے پر نظر عنایت فرمائے گا۔ اس کو نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا اور اسے

Marfat.com

اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## حاجت روائی کیلئے

ہر طرح کی جائز دینی و دنیوی حاجات کے لئے یہ عمل نہایت مفید ہے جو بھی حاجت ہو اس کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے جلد پورا کروانے کی غرض سے چاند کے مہینہ کے عروج میں ایک وقت مقرر کر کے باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ناد علیؓ ساٹھ بار پڑھے۔

اس کے بعد چار رکعت نفل نماز قضائے حاجت کی نیت سے اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورہ فاتحہ اور ناد علیؓ کے بعد چالیس مرتبہ سورہ اخلاص پڑھے۔

اس طرح چاروں رکعت مکمل کر لے اور پھر حضوری قلب اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ خوب عاجزی اور انکساری دکھائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔

## تسخیر طلب

اگر تسخیر رجوع مطلوب کی غرض سے مندرجہ بالا عمل پڑھے

Marfat.com

تو عمل کے دوران کامیابی کا یقین رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہو گی۔

## حاجت پوری ہو جائے

اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس بھی مقصد کے لئے عمل کرنا ہو اس کا ارادہ کرے اور چار رکعت نفل نماز ایک سلام سے اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں اکتالیس مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھے اور اس کے بعد نادعلیؑ ملا کر رکعت تمام کرے جب سلام پھیرے تو اپنا دایاں رخسار زمین پر رکھ کر اکتالیس مرتبہ یاحي یاقیوم پڑھے پھر اپنا بایاں رخسار زمین پر رکھے اور اکتالیس مرتبہ یاحي یاقیوم پڑھ کر اپنی پیشانی زمین پر رکھ دے اور جس مقصد کے لئے نماز ادا کی ہے اس کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جو بھی جائز حاجت ہو گی وہ پوری ہو گی۔

## جھوٹ کے خاتمہ کیلئے

جس کو ذرا ذرا سی بات پر جھوٹ بولنے کی عادت پڑ گئی ہو اور اسے احساس تک نہ ہوتا ہو کہ وہ ہر معاملے میں جھوٹ سے کام

Marfat.com

لیتا ہے اس بد عادت کی وجہ سے اُسے اکثر شرمندگی اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور وہ اپنی اس عادت کی وجہ سے تنگ ہو اور اس سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفے میں اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کی جھوٹ بولنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

## کلی حاجات کیلئے

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز مراد ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد سجدے میں سر رکھ کر ناد علیؑ پڑھے پھر سجدہ سے سر اٹھائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی ہر جائز دلی مراد بہت جلد پوری ہو گی۔

## خزینہ علم کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے علم میں اضافہ فرمائے اسے دینی دنیاوی علم میں ترقی حاصل ہو علوم کے حاصل کرنے میں اسے کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ اس کا سینہ تمام علوم کا خزینہ بن جائے تو اس مقصد کے لئے چاہئے کہ باوضو

Marfat.com

حالت میں سات روز تک ستر مرتبہ ناد علیؑ توجہ و یکسوئی سے پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے۔ اللہ تعالیٰ اس کو علم و حکمت کے خزانے عطا فرمائے گا اس کا سینہ علم کے نور سے منور کر دے گا۔

## حاجات پوری ہو جائیں

جو بھی حاجت کسی کو در پیش ہو اور باوجود کوشش کے پوری نہ ہوتی ہو تو اس مقصد کے لئے چاہیے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں اتوار یا جمعرات یا جمعہ کے دن سے اس عمل کو اس طرح سے شروع کرے کہ ہر روز بلاناغہ چالیس یوم تک پڑھے۔ بہتر یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد پڑھے۔ اگر ترک جمالی و جلالی اختیار کرے اور خلوت میں بیٹھ کر پڑھے تو بہت ہی بہتر ہے ورنہ جس طرح بھی پڑھ سکتا ہو پڑھے۔ ترکیب یہ ہے کہ ہر روز نماز فجر کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ ناد علیؑ معہ آمین ایک ہزار بار روزانہ پڑھے۔ اگر اس قدر تعداد میں نہ پڑھ سکے تو تین سو تیرہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور اگر اس قدر بھی نہ پڑھ سکے تو ایک سو پچیس مرتبہ تو ضرور روزانہ پڑھے۔ اس کے بعد

Marfat.com

اللہ تعالیٰ کے حضور دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دعا قبول ہو گی۔ چالیس یوم تک بلاناغہ پڑھے بفضل باری تعالیٰ چالیس دن کے اندر اندر کام ہو جائے گا۔

## عبادت میں توجہ و یکسوئی کیلئے

اکثر لوگوں کو یہ شکایت ہوتی ہے کہ ان کو عبادت میں توجہ و یکسوئی حاصل نہیں ہوتی، عبادت میں مزہ نہیں آتا۔ شیطان تنگ کرتا ہے جس کی وجہ سے طبیعت بوجھل سی محسوس ہوتی ہے۔ اس قسم کی شکایت رفع کرنے اور عبادت میں لطف حاصل کرنے کی غرض سے ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ بارگاہ الٰہی میں دعا قبول ہو گی۔ ہر روز بلاناغہ تعداد کے مطابق عبادت کرنے میں لطف و سرور حاصل ہوتا ہے۔ توجہ اور یکسوئی عطا ہوتی ہے۔

## اعلیٰ منصب حاصل ہو

نماز تہجد کی ادائیگی کے بعد دلی یکسوئی کے ساتھ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ پھر بارگاہ ایزدی میں عاجزی اور انکساری سے دعا

Marfat.com

مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دعا قبول ہو گی۔

## دکان میں خیروبرکت پیدا ہو

دکان میں خیر و برکت اور روزی میں اضافہ کے لئے ناد علیؑ کی تلاوت کرنا بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے کاروبار میں ترقی ہو کاروبار خوب چلے۔ دکان پر گاہکوں کی آمدورفت لگی رہے تو اسے چاہئے کہ جب دکان کھولے تو پہلے تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دکان کے چاروں کونوں میں دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دکان میں خوب برکت پیدا ہو گی۔

## حاجت پوری ہو

اگر کسی کی کوئی ایسی ضرورت جو کہ پوری نہ ہوتی ہو اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو حاجت روائی کی غرض سے اتوار کے دن سے ناد علیؑ کو اس طرح سے پڑھنا شروع کرے یعنی ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ناد علیؑ کی ہر سطر کو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر شروع کرے اور درج ذیل تعداد کے حساب سے پڑھے، نہ کم کرے نہ زیادہ، اول و آخر درود پاک بھی

Marfat.com

پڑھے۔

پہلی سطر پانچ سو بیاسی مرتبہ اتوار کے دن پڑھے۔

اگلے دن پیر کے روز دوسری سطر چھ سو اٹھارہ مرتبہ پڑھے۔

منگل کے دن تیسری سطر دو سو بیالیس بار پڑھے۔

بدھ کے دن چوتھی سطر آٹھ سو چھتیس مرتبہ پڑھے۔

جمعرات کے دن پانچویں سطر دس سو تہتر مرتبہ پڑھے۔

ہر روز پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ یہ پانچ دن کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔ اگر حاجت پہلے پوری ہو جائے تو عمل ہر حال میں پانچ دن تک مکمل کرے۔ اگر بالفرض ایک ہفتہ میں حاجت پوری نہ ہو تو تین ہفتہ تک اس عمل کو جاری رکھے، بفضل باری تعالیٰ ضروری حاجت روائی ہو گی۔

## مشکلات کے حل کیلئے

اگر کسی مشکل کے حل کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہیے کہ وہ سورج نکلنے کے وقت باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اکیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ہر روز یہ

Marfat.com

عمل کرے اس وقت تک جب تک کہ مشکل حل نہ ہو جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ یہ جلد مشکل حل ہو جائے گی اور آسانی پیدا ہو گی۔

## مراد پوری ہونے کیلئے

یہ عمل کرنے سے ہر طرح کی جائز مراد بفضل تعالیٰ پوری ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ نادِ علیؑ کی برکت سے حاجت روائی فرماتا ہے۔ نادِ علیؑ کے اس عمل کو پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر روز نماز فجر کی سنت نماز اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ ایک ہفتہ تک عمل کرے اور بلاناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں مقصد پورا ہو گا اور مراد بر آئے گی۔

## باطن کی صفائی و بہتری کیلئے

جو کوئی یہ مقصد چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز عصر کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مقصد پورا ہو گا۔ ہر روز بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے چالیس یوم کے اندر ہی اسے تجلی

Marfat.com

طور پر عمل ہو جائے گا کہ نادِ علیؑ کی برکت کی قدر زیادہ ہے۔ اس کے باطن میں روشنی پیدا ہونا شروع ہو جائے گی۔

## حاجت پوری ہو جائے

کسی بھی ضرورت کو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے پورا کروانے کے لئے نادِ علیؑ اس طریقہ سے پڑھے یعنی چاند کے مہینہ کے عروج میں اتوار کے دن سے شروع کرے اور پہلے دن اتوار کو نادِ علیؑ کو ستر مرتبہ پڑھے اور پھر اول وآخر درود پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کی دعا مانگے۔ اگلے روز پیر کے دن ساٹھ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے اور دعا مانگے۔ منگل کے دن پچاس مرتبہ، بدھ کو چالیس مرتبہ، جمعرات کو تیں مرتبہ، جمعۃ المبارک کو بیس مرتبہ اور ہفتہ کے دن دس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہی ہفتہ میں حاجت پوری ہو جائے گی۔

## حل المشکلات

جو کوئی فجر کی نماز کی سنتوں اور فرض کے درمیانی وقفہ میں قبلہ رو ہو کر توجہ اور یکسوئی کے ساتھ اکتالیس مرتبہ نادِ علیؑ بسم اللہ کے ساتھ پڑھے تو جس بھی مشکل کام سے واسطہ پڑے گا

Marfat.com

بفضل باری تعالیٰ اس کی مشکل حل ہو گی اور کامیابی نصیب ہو گی۔ اس وظیفہ کو پڑھنے کے بعد باجماعت فجر کی نماز پڑھے اور پھر خلوص اور یکسوئی کے ساتھ حضور نبی کریم ﷺ کے ننانوے اسمائے مبارکہ پڑھے تو بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

## حصول خوشحالی

جو یہ چاہتا ہو کہ اسے کبھی بھی کسی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے اس کی زندگی خوشحالی سے گزرے ہر لمحہ خوشی و مسرت اس کی راہ دیکھے تو اسے چاہیے کہ چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو نماز فجر کی ادائیگی کے بعد نادِ علیؑ لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ بفضل باری تعالیٰ پریشانی اس کے نزدیک نہ آئے گی۔

## برائے قبولیت دعا

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کی دعا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں قبولیت کی سند حاصل کرے وہ جو بھی جائز دعا اللہ تعالیٰ سے مانگے رد نہ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد اسی جگہ پر بیٹھے۔ اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور چالیس مرتبہ

Marfat.com

ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ چالیس یوم تک ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے بفضل باری تعالیٰ جو بھی مقصد ہو گا وہ پورا ہو جائے گا۔

## حصول مراد

حصول مراد کے لئے ہر روز چھتیس مرتبہ ناد علیؑ کے پڑھنے سے حاجت پوری ہو گی۔

## اسرار و غیب ظاہر ہو

اسرار و غیوب کے ظاہر ہونے کے لئے چالیس روز تک ہر روز سولہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے علم لدنی منکشف ہوں گے۔

## جاہ و مقبول ہونے کیلئے

چھ روز تک سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں تو صحاب و مقبول القول ہو گا۔

## زیادتی اقبال کیلئے

زیادتی اقبال و حصول مقاصد کے لئے سولہ دن تک ہر روز پچاس مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں۔

Marfat.com

## قضائے حاجات کیلئے

واسطے قضائے حاجت کے ایک ہزار مرتبہ باطہارت ناد علیؑ پڑھنے سے حاجت بر آئے گی۔

## حصول شرعی مطلب

کسی شرعی مطلب کے حصول کے لئے مسجد میں جا کر یا خلوت میں ناد علیؑ پڑھے تو مطلب حاصل ہو گا۔

## وقت زوال کیلئے مفید عمل

جو شخص بوقت زوال پچاس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو ہر مقصد میں کامیابی ہو۔

## حصول لطف الٰہی

ہر نماز کے بعد اگر سو مرتبہ پڑھے تو لطف الٰہی حاصل ہو گا۔

## دل نورانی ہو

جو ناد علیؑ کی مداومت رکھے تو اس کا دل نورانی ہو گا۔

## قبر میں جسم محفوظ

جو ناد علیؑ کو بہت زیادہ پڑھے گا تو اس کا جسم قبر میں بھی بوسیدہ

Marfat.com

نہ ہو گا۔

## گناہوں سے نجات کیلئے

بوقت نماز جمعہ اگر سو مرتبہ پڑھیں تو اس کے گناہ بخشے جائیں گے۔

## حب دنیا سے چھٹکارا

جو کوئی ناد علیؑ کو بہت زیادہ پڑھے تو اس کے دل سے حب دنیا کا خاتمہ ہو جائے گا۔

## فقر کا خاتمہ

اگر آخر شب میں سر برہنہ کرے اور ہاتھ بلند کر کے سو بار پڑھے تو فقر زائل ہو گا۔

## حصول معرفت خدا

جو کوئی بھی اسے بہت زیادہ پڑھے علیہ وسلم تو معرفت خدا حاصل ہو گی۔

## وافر روزی حاصل ہو

جو شخص چالیس لقموں پر چالیس بار پڑھ کر چالیس دن تک

Marfat.com

کھائے تو اس کی روزی کم نہ ہو گی۔

## غیب کی باتیں معلوم کرنے کیلئے

اگر بعد نماز سو مرتبہ پڑھے تو غیب کی باتیں ظاہر ہوں۔

## حصول بلند مرتبہ

بعد نماز ظہر سو بار ناد علیؑ پڑھنے سے مرتبہ بلند ہو گا۔

## حصول فضلِ الٰہی

جو اس کو بہت زیادہ پڑھے تو اس کو خدا کا فضل ملے گا۔

## دعا قبول ہو جائے

جو کوئی بھی تین مرتبہ پڑھ کر دعا کرے تو وہ دعا انشاء اللہ ضرور قبول ہو گی۔

## دل منور ہو

سوتے وقت سینہ پر ہاتھ رکھ کر پڑھ کر سو جائے تو دل نور سے منور ہو گا۔

## کلی حاجات پوری ہو جائے

ہر حاجت کے لئے چاند کے مہینہ کے پہلے اتوار کے دن

Marfat.com

سے عمل کا آغاز کرے یعنی نماز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیان پہلے روز ناد علیؑ کو ستر مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد ایک سو مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھر اپنی حاجت جو بھی ہے اس کے لئے دعا مانگے دوسرے روز سوموار کے دن ساٹھ بار ناد علیؑ پڑھے اور باقی عمل اسی طرح کرے تیسرے روز منگل کے دن پچاس بار ناد علیؑ پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے' جمعرات کو تیس مرتبہ، جمعہ کو بیس مرتبہ اور ہفتہ کو دس مرتبہ پڑھے لیکن ناد علیؑ کے علاوہ باقی عمل بدستور مذکور پڑھا کرے۔ عمل کو مسلسل جاری رکھے' اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ضرور بالضرور حاجت پوری ہو گی۔

## حاجت پوری ہو جائے

اگر کسی کی حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو اس کو چاہئے کہ نماز عصر کے بعد تین سو مرتبہ پڑھے اور دل میں اپنے کام کی نیت رکھے جب پڑھے تو خلوص دل کے ساتھ پڑھے اللہ تعالیٰ کے فضل کرم سے چند دنوں میں ہی حاجت روائی ہو گی جب تک حاجت پوری نہ ہو یہ عمل ہر روز بلاناغہ جاری رکھے۔

Marfat.com

## خلائق میں مقبولیت پیدا ہو

جو کوئی چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے اس کی خوب اچھی شہرت ہو جائے جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئیں تو اسے چاہئے کہ وہ ہر فجر کی نماز کے بعد 15 مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اپنے مقصد کے حصول کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔ لوگوں میں اس کی شہرت ہو جائے گی۔

## مشکل حاجات پوری ہو

اگر کسی کی کوئی ایسی مشکل حاجت ہو جس کے پورا کرنے کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ناد علیؑ کا عمل اس طرح سے کرے کہ اول غسل کر کے اپنے جسم کو پاک کرے صاف ستھرے کپڑے پہنے خوشبو لگائے۔ چاند کے مہینے کی پہلی اتوار کو یہ عمل کرے قبلہ رو ہو کر بیٹھے سب سے پہلے گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر تین بار آیۃ الکرسی پڑھے اس کے بعد تین تین مرتبہ چار قل شریف پڑھے۔ اتوار کے دن باوضو حالت میں 89 مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اگلے روز سوموار کو 99

Marfat.com

مرتبہ پڑھے۔ منگل کے دن 91 مرتبہ پڑھے۔ بدھ کے دن 67 مرتبہ پڑھے۔ جمعرات کے روز 47 مرتبہ پڑھے۔ جمعہ کے روز 43 مرتبہ پڑھے۔ ہفتہ کے دن 28 مرتبہ پڑھے۔ سات دن تک بلاناغہ ناد علیؑ کو اسی ترتیب سے توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے۔

## حاجت روائی کیلئے مفید عمل

اگر کسی کو کوئی ایسی حاجت ہو کہ جس کے پورا ہونے میں کوئی رکاوٹ ڈالتا ہو اور وہ حاجت پوری نہ ہوتی ہو تو جلد اور فوری حاجت روائی کی غرض سے چاند کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں چالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ بلاناغہ چالیس یوم تک یہ عمل کرے اور ہر روز عمل مکمل کرنے کے بعد بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر حاجت روائی ہو گی۔

## بلند مرتبہ حاصل ہو

جو کوئی بلند مرتبہ کے لئے کوشاں ہو اور چاہتا ہو کہ اسے بلند

Marfat.com

مرتبہ حاصل ہو لوگوں کی نظروں میں اس کی عزت بڑھے ہر کوئی اس کے ساتھ عزت و احترام سے پیش آئے، جہاں بھی جائے اس کی عزت ہو تو ہر جمعۃ المبارک اور سوموار کے دن نماز فجر کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں اکسٹھ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر بارگاہ الٰہی میں بلند مرتبہ کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔

## عزت وجاہ حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ جس جگہ بھی جائے اس کی عزت کی جائے۔ تمام خلقت اس پر مہربان ہو جائے۔ ہر کوئی اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز فجر کی نماز کے بعد پچاس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کی مداومت کرنے والا خلقت میں عزت پائے گا۔

## حل المہمات

بڑی سے بڑی مہم ودشواری ہو تو ہر روز 41 بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آسان ہو۔

Marfat.com

## حصول مقاصد کیلئے

برائے حصول مقاصد 66 مرتبہ ہر روز تا حصول مراد پڑھے۔ بہت جلد منزل مقصود کو پہنچے۔

## حصولِ حب کے لئے

حب کے لئے 47 مرتبہ پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے سارے بدن پر پھیر لیا کرے۔ جس سے بات کرے گا وہ مطیع و مسخر ہو گا۔

## قاصد کامیاب لوٹے

اگر کسی کو کوئی پیغام دے کر بھیجے اور یہ خدشہ ہو کہ قاصد کہیں ناکام نہ لوٹے تو چپکے سے تین بار پڑھ کر قاصد کے کان میں دم کرے۔ انشاءاللہ قاصد کامیاب واپس آئے گا۔

## برائے حصول دولت

برائے حصول دولت و غنا اور جاہ و حشم 91 مرتبہ روزانہ بعد نماز فجر پڑھ لیا کرے۔ چند روز میں کچھ سے کچھ ہو جائے گا۔ چاہئے کہ تا زندگی ترک نہ کرے اور وقت اور جگہ کی پابندی رکھے۔ بدرجہ مجبوری اگر کہیں جائے تو مصلیٰ ضرور ساتھ لے جائے۔

Marfat.com

## حصول جاہ و حشمت

اگر جاہ و حشمت کا طلب گار ہو تو کسی بھی وقت اور جگہ کی پابندی کرے اور 500 مرتبہ روزانہ پڑھے تو بہت جلد کامیابی ہو گی۔

## علم و حکمت کیلئے

جو کوئی ہر روز 77 مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو علوم حکمت اس پر ظاہر ہوں گی۔

## کشف اسرار و غیب کیلئے

ہر روز ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے اسرار ظاہر ہوں گے۔

## امور غیب ظاہر ہونے کیلئے

اگر کوئی شخص ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھے گا تو وہ روز بروز عجائب و غرائب دیکھے گا۔

## نظر بد سے محفوظ

تین دن تک ہر روز بیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو نظر بد سے امن میں رہے گا۔

Marfat.com

## عزت و دولت حاصل ہو

اگر کوئی بھی ہر صبح تین روز تک جب نیند سے بیدار ہو تو کسی سے بات کئے بغیر 99 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھا کرے تو وہ مالدار ہو جائے گا۔

## حاسد کرنے والوں سے محفوظ

ہر روز ستر مرتبہ پڑھنے سے حاسدوں پر قہر نازل ہو گا۔

## تہمت سے چھٹکارا

اگر کسی بھی پر کسی نے تہمت لگائی ہو تو وہ ہر روز چالیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے تو وہ تہمت سے نجات پائے گا۔

## جائز مراد پوری ہو

اگر کسی کی کوئی ایسی جائز مراد ہو جو پوری نہ ہوتی ہو تو ہر نماز کے بعد سجدے میں سر رکھ کر گیارہ بار نادِ علیؑ پڑھے پھر مکمل کر کے سجدہ سے سر اٹھائے اور اللہ تعالیٰ سے اپنی حاجت کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ اس کی ہر جائز دلی مراد بہت جلد پوری ہو گی۔

Marfat.com

## رزق میں خیر و برکت پیدا ہو

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کو نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر ناد علیؑ لکھے اور اس کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔ اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مال تجارت میں رکھ دے۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہو گی۔ ناد علیؑ کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔ اللہ تعالیٰ کاروبار میں خیر و برکت پیدا فرمائے گا۔

## علم میں اضافہ ہو

جو کوئی یہ چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے علم میں اضافہ فرمائے اسے دینی و دنیاوی علم میں ترقی حاصل ہو علوم کے حاصل کرنے میں اسے کوئی رکاوٹ پیش نہ آئے۔ اس کا سینہ تمام علوم کا خزینہ بن جائے تو اس مقصد کے لئے چاہئے کہ باوضو حالت میں سات

Marfat.com

روز تک ستر مرتبہ ناد علیؑ توجہ و یکسوئی سے پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی پی لے۔

اللہ تعالیٰ اس کو علم و حکمت کے خزانے عطا فرمائے گا اس کا سینہ علم کے نور سے منور کر دے گا اور علمی میدان میں اسے کبھی ناکامی کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

## بدعادات سے نجات

جو کوئی کسی برے ماحول میں پڑ گیا ہو کسی طرح اس کا بری عادت سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو جبکہ وہ چاہتا ہو کہ اس کی طبیعت برائیوں کی طرف مائل نہ ہو اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی توفیق عطا فرمائے تو اسے چاہیئے کہ وہ باوضو حالت میں مغرب کی نماز ادا کرنے کے لئے بعد اسی جگہ پر بیٹھے اور اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ناد علیؑ اپنی حاجت کے خیال کے ساتھ چالیس مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر برائیوں کے خلاف زبردست نفرت پیدا ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اور نیک کام کرنے کی توفیق عطا فرمائے گا۔

Marfat.com

## قید سے رہائی حاصل ہو

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی صورت دکھائی نہ دیتی ہو، حاکم وقت سے انصاف ملنے کی توقع نہ ہو تو چاہئے کہ گھر کے تین افراد باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھیں اور ایک ہی جلسہ میں 313 مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں چالیس روز تک بلاناغہ یہ عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر ہی قیدی کو قید سے رہائی مل جائے گی۔

اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی رہائی کے اسباب پیدا فرمادے گا اور وہ باعزت رہا ہو جائے گا۔

ناد علیؑ کی تلاوت کرتے وقت ضروری ہے کہ اول وآخر سات سات مرتبہ درود پاک بھی پڑھا جائے۔ ناحق قید میں ڈالے ہوئے قیدی کی جلد رہائی کے لئے آزمودہ عمل ہے۔

## کشادہ بخت ہونے کیلئے

کشادہ بختی کے لئے ہر جمعہ کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ایک سو ایک مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد میں کامیابی کے

Marfat.com

لئے دعا مانگے سات ہفتے تک اس عمل کو کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دونوں میں اس کے اثرات ظاہر ہونا شروع ہوں گے اور کشادہ بخت ہو جائے گا۔

## مصائب سے چھٹکارا

اگر کسی کو کوئی مشکل آگئی ہو یا کسی مصیبت میں مبتلا ہو گیا ہو نجات کی کوئی راہ دکھائی نہ دیتی ہو تو چاہئے کہ بدھ، جمعرات اور جمعہ کے دن نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اسی جگہ پر بیٹھا رہے اور اکتالیس مرتبہ روزانہ ناد علیؑ پڑھے۔ ناد علیؑ پڑھتے وقت اپنا سر سجدے میں رکھے اور مسجد میں ہی اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اس پر سے مصیبت ہٹا دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا تین دن کے اندر پوری ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا اور اس پر سے مصیبت کو ٹال دے گا۔

## مفلسی و تنگدستی کا خاتمہ

جو کوئی یہ چاہئے کہ اس کی تنگدستی دور ہو جائے اس کی روزی فراخ ہو جائے اس کے ہاں دولت کی ریل پیل ہو جائے تو اسے

Marfat.com

چاہیے کہ وہ ہر نماز کے بعد توجہ و یکسوئی کے ساتھ اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ جو بھی دعا مانگے کا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی اس کی تنگدستی ناد علیؑ کی برکت سے دور ہو جائے گی۔

اللہ تعالیٰ پردہ غیب سے اس کی روزی کے ایسے اسباب پیدا فرمائے گا کہ جس سے اس کی روزی فراخ ہو جائے گی اس کی تنگدستی خوشحالی میں بدل جائے گی۔ یقین کامل اور توجہ و یکسوئی کے ساتھ عمل کو بلاناغہ جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ فیض حاصل ہو گا۔

## گمشدہ واپس لوٹ آئے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست کہیں گم ہو گیا ہو اور تلاش کے باوجود نہ مل رہا ہو اور اس کا کچھ پتہ نہ ہو کہ وہ کہاں گیا ہے تو اسی صورت میں چند آدمی باوضو ہو کر پاکیزہ لباس پہنیں اور ایک جگہ پر قبلہ رو ہو کر بیٹھ جائیں۔ گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں گمشدہ جہاں بھی ہو گا انشاء اللہ تعالیٰ واپس آجائے گا۔

Marfat.com

تین یوم تک برابر یہ عمل کریں اس دوران گمشدہ کی واپسی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور اس کے بارے میں معلوم ہو جائے گا کہ وہ کہاں پر ہے۔

## نیک اور صالح اولاد حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی اولاد نیک اور صالح پیدا ہو اس کے لئے باعث فخر ہو اسے چاہئے کہ جب اس کی بیوی کو حمل قرار پا جائے تو حمل قرار پانے کے وقت سے بچے کی ولادت کے دن تک ہر روز کسی ایک وقت باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے بلاناغہ ہر روز یہ عمل کرے۔

اس کے علاوہ ہر روز جب بھی اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو پاک صاف پانی پر دم کر کے یہ دم کیا ہوا پانی اپنی بیوی کو پلائے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کے ہاں نیک اور صالح اولاد پیدا ہو گی۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا فضل و کرم نازل فرمائے گا۔

## آفات و بلیات سے محفوظ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے برائی

Marfat.com

سے بچا رہے اللہ تعالیٰ اسے اپنے حفظ و امان میں رکھے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد نوے مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔

اللہ تعالیٰ اسے شر شیطان سے محفوظ رکھے گا۔ اس پر اپنا خصوصی فضل و کرم نازل فرمائے گا۔ اس کے دل میں برائی سے نفرت پیدا ہو گی اور طبیعت نیکی کے کاموں کی طرف مائل ہو گی۔

## رزق میں فراخی پیدا ہو

اس مقصد کے لئے کہ وہ اس پر مداومت کرے اور ہر روز بلاناغہ پڑھے۔ کم از کم اکتالیس یوم تک بلاناغہ پڑھنا لازم ہے۔ اگر اس کے بعد بھی عمل پر قائم رہ سکے تو بہت بہتر ہے ورنہ جس قدر ممکن ہو سکے ہر نماز کے بعد پڑھنے کی کوشش کرے۔ بفضل باری تعالیٰ رزق کی خوب فراوانی ہو گی۔

## دل میں نرمی پیدا ہو

اگر کسی کا دل بہت زیادہ سخت ہو کسی پر اسے رحم نہ آتا ہو شقی القلب ہو بڑے سے بڑا واقعہ بھی اس پر اثر انداز نہ

Marfat.com

ہو سکتا ہو راہ راست سے بھٹکا ہوا ہو سیدھے راستے پر آنے کا خواہش مند ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز پنج گانہ کی پابندی کرے اور نماز عصر کے بعد ہر روز اکتالیس مرتبہ ناد علیؓ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اس کے دل کی سختی دور ہو جائے گی۔ اس کے دل میں رحم کے جذبات پیدا ہو جائیں گے اور وہ نرمی واخلاق کا مظاہرہ کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس پر اپنا خاص فضل وکرم نازل فرمائے گا۔

## مطلوبہ مقصد میں کامیابی حاصل ہو

اس لئے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے سے بہت خوش ہوتا ہے جو اس کی بارگاہ میں عاجزی وانکساری سے کام لے۔ اس کی دلی مراد ضرور پوری فرماتا ہے اس کے علاوہ اگر کوئی ایسا شقی القلب شخص جو کسی طرح بھی راہ راست پر نہ آیا ہو اس کے دل کی سختی کو دور کرنے کے لئے ہر روز باوضو حالت میں ناد علیؓ اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے اس شقی القلب کو کھلا دیا جائے ہر روز ایسا ہی کرے۔

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔ اس مقصد کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ عمل ہے۔

## میاں بیوی میں محبت پیدا ہو

جو میاں بیوی ہر وقت آپس میں جھگڑتے رہتے ہوں بات بات پر ان کی آپس میں لڑائی ہو جاتی ہو گھر میں فضا کشیدہ رہتی ہو تو ایسی صورت میں نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھے۔ درمیان میں اکیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے یا کسی بھی کھانے والی چیز پر دم کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دے ہر روز سات یوم تک یہ عمل کرے۔

بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی حالات ٹھیک ہو جائیں گے۔ میاں بیوی کے مابین محبت کے جذبات پیدا ہو جائیں گے گھر میں لڑائی جھگڑا ختم ہو جائے گا۔

## صلح کرانا

اگر کسی کا کوئی عزیز رشتہ دار یا دوست کسی غلط فہمی کی بناء پر اس سے ناراض ہو گیا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو

Marfat.com

اس صورت میں تھوڑا سا سرمہ لے اور چاند کی پہلی جمعرات سے اس عمل کو شروع کرے۔

ہر روز نماز ظہر کے بعد باوضو حالت میں ایک سو ایک بار ناد علیؑ پڑھ کر سرمہ پر دم کرے لیکن شرط یہ ہے کہ ناد علیؑ کو اس طرح سے پڑھے یعنی بسم اللہ کی میم کو الحمد میں ملائے یہ عمل چار جمعرات تک ہر روز بلاناغہ کرے اس کے بعد جب عمل مکمل ہو جائے تو اس سرمہ کو کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ کر لے اور پھر ضرورت کے وقت نماز ظہر کے بعد اس سرمہ میں سے تھوڑا سا سرمہ علیحدہ نکال کر اس پر ناراض ہونے والے کا اور اپنا تصور کر کے ایک سو ایک مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کرے اور پھر یہ سرمہ اپنی آنکھ میں لگا کر ناراض ہونے والے کے سامنے جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے ناراضگی خوشی میں بدل جائے گی اور ناراض فوری طور پر راضی ہو جائے گا لیکن شرط یہ ہے کہ سرمہ لگانے کے بعد سب سے پہلے اس سے آنکھ ملائے جو ناراض ہے اور کسی طرح بھی راضی نہیں ہوتا۔ کسی دوسرے سے آنکھ نہ ملائے۔

اس عمل کی زکوٰۃ جمعرات سے چار جمعہ تک تمیں دن میں ختم

Marfat.com

ہو گی۔ اس مقصد کے لئے یہ آزمودہ اور تیر بہدف عمل ہے۔

## حصول رشتہ کیلئے

مندرجہ بالا عمل کے ذریعے وہ حضرات بھی فائدہ حاصل کر سکتے ہیں جو کسی جگہ پر شادی کرانے کے خواہش مند ہیں اور کوئی اس نیک کام کے لئے راضی نہ ہوتا ہو، جائز اور نیک مقصد کے حصول کے لئے عمل کرنا جلد اثر دکھاتا ہے۔

## حاکم کو مہربان کرنے کیلئے

اگر کسی کو حاکم یا حکومتی عہدیدار سے کوئی کام ہو اور کسی طرح سے کام نہ ہو رہا ہو حاکم کو مہربان کرنیکی غرض سے جمعہ کے دن پہلی ساعت میں شیشہ کے برتن میں لوہے کے پاک صاف قلم سے مشک وزعفران کافور و مشک سے نادِ علیؑ لکھے اور پھر اس کو عرق گلاب سے دھو کر اس گلاب کے عرق کو کسی صاف شیشی میں رکھ لے اور پھر اس پر تین مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر دم کرے۔ جب حاکم کے پاس جانے کی ضرورت پیش آجائے تو جانے سے پیشتر تھوڑا سا عرق گلاب اپنے چہرے پر مل لے اور پھر حاکم کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا

Marfat.com

اور جو بھی جائز کام ہو گا وہ بفضل باری تعالیٰ ہو جائے گا۔

## مشکلات کے حل کیلئے

ہر طرح کی جائز مشکل کے فوری حل کیلئے یہ عمل اکسیر کی حیثیت رکھتا ہے۔ مشکلات کے حل کے لئے مجرب وآزمودہ عمل ہے۔

کوئی بھی ایسی مشکل جو کسی طرح حل نہ ہوتی ہو اس مشکل کی وجہ سے ہر وقت پریشانی رہتی ہو اور چاہتا ہو کہ کسی طرح یہ مشکل حل ہو جائے اور سکون حاصل ہو جائے چنانچہ اس مقصد کے لئے ناد علیؑ کا ختم سوالاکھ مقرر ہے۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ یا تو ایک ہی آدمی ترک حیوانات جلالی و جمالی کر کے چالیس دنوں میں سوالاکھ بار ختم کرے یا پھر چند آدمی مل کر ایک ہی جلسہ میں بیٹھ کر باوضو حالت میں توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں۔

پڑھنے کے بعد مشکل کے حل کے لئے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے بہت جلد مشکل حل ہو جائے گی۔

پڑھنے کے لئے بہترین وقت نماز فجر کے فوری بعد یا پھر عشاء کی نماز کے فوری بعد ہے یہ حل المشکلات کا عمل ہے۔

Marfat.com

## حاجت پوری ہونے کے لئے

جو کوئی ہر روز نماز کے بعد ذیل میں دی ہوئی ترتیب کے مطابق پڑھے گا اور اس پر ہمیشگی اختیار کرے گا تو اس کی تمام دینی و دنیاوی حاجات بفضل باری تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت و تاثیر سے بغیر طلب کئے پوری ہو جائیں گی۔

اس کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز فجر کے بعد تیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ نماز ظہر کے پچیس مرتبہ پڑھے۔ نماز عصر کے بعد بیس مرتبہ، نماز مغرب کے بعد پندرہ مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اسی طرح کل سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔

ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اپنے مطلوبہ مقصد کے حصول کی نیت کرتے ہوئے باری تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی مشکل ہو گی وہ حل ہو جائے گی۔

## اولاد کی نعمت سے مالا مال

اگر کوئی عورت بے اولاد ہو۔ اولاد کی نعمت سے محروم ہو۔ چاہتی ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے اولاد کی نعمت سے نوازے تو اس مقصد

Marfat.com

کے لئے چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ایک سو گیارہ مرتبہ ناد علیؑ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور آمین پڑھ کر سادہ پانی کے گلاس پر دم کرے اس دم کئے ہوئے پانی کو تھوڑا تھوڑا دونوں میاں بیوی کو پلا دے۔

ہر جمعرات کو سات جمعرات تک یہ عمل کرتا رہے کسی بھی جمعرات کو ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عورت کو حمل قرار پائے گا اور وہ اولاد کی نعمت سے سرفراز ہو گی۔

## تسخیر مطلوب

اگر تسخیر رجوع مطلوب کی غرض سے یہ عمل پڑھے تو عمل کے دوران مطلوب کی صورت کا تصور رکھے اور کامیابی کا یقین رکھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی نصیب ہو گی۔

## پریشانیوں سے نجات

ہر طرح کی پریشانی دور کرنے کے لئے باوضو حالت میں ناد علیؑ لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پریشانی دور ہو جائے گی، اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے پریشانی

Marfat.com

کو خوشی میں تبدیل فرمادے گا۔

یہ پاک و منزہ پانی ہر روز پینے سے کوئی بھی پریشانی پاس نہیں آتی اور اگر کبھی پریشانی مسلط ہو جائے تو فوراً ہی دور ہو جاتی ہے۔

## غم دفع ہو جائے

پریشان حال لوگوں کے لئے ناد علیؑ کا بکثرت پڑھنا بھی پریشانی کو رفع کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر فرض نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کی مشکل و پریشانی دور ہو جائے گی۔

## غم و پریشانی سے نجات

بعض اوقات انسان کے دل پر غم واندوہ کا ایسا بوجھ سوار ہو جاتا ہے جو کسی بھی طرح دور نہیں ہوتا۔ غم کی شدت کے باعث کسی بھی کام میں دل نہیں لگتا ہر وقت طبیعت غم میں ڈوبی رہتی ہے۔

ایسی صورت میں باوضو ہو کر اکسٹھ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور پانی پر دم کر کے غمزدہ کو پلائے ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے غم زدہ کا غم دور ہو جائے گا۔ بفضل باری تعالیٰ اس کے دل کو سکون

Marfat.com

کی دولت نصیب ہو گی۔

## رنج و غم سے چھٹکارا

اگر کوئی شخص رنج و غم کے دفع ہونے کیلئے ہر روز ایک سو دس مرتبہ ند علیؑ پڑھے گا تو اس کے رنج و غم دور ہو جائیں گے۔

## حل المہم

اگر کسی کو بھی سخت مہم درپیش ہو تو وہ ناد علیؑ کو ہزار مرتبہ پڑھے تو وہ کامیاب ہو گا۔

## درجات بلند ہو جائیں

اگر کوئی شخص اپنے درجات کی بلندی کے لئے چھ روز تک روزانہ سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو اس کا مقصد پورا ہو گا۔

## قاصد کامیاب لوٹے

اگر کسی کے ذریعے کوئی پیغام بھیجنا ہو تو تین مرتبہ اس کے کان میں ناد علیؑ پڑھے تو قاصد کامیاب واپس آئے گا۔

## محبت میں گرفتار ہو جائے

انگور یا کشمش پر سو مرتبہ دم کر کے جس کو کھلائیں تو وہ اس کی محبت میں عاشق و دیوانہ ہو جائے گا۔

Marfat.com

## خود بخود محبت پیدا ہو

بیوی جمعہ کے روز 47 مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اپنے شوہر سے بات کرے تو وہ محبت سے بے قرار ہو جائے۔

## زبان بندی کیلئے

دس روز تک ہر روز دس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے مخالفین کی زبان بندی ہو جائے گی۔

## ظالم کے شر سے محفوظ

ظالموں کی ذلت و خواری کے لئے ہر روز صبح سو مرتبہ ناد علی کے پڑھنے سے وہ ذلیل و خوار ہوں گے۔

## مخالفت دور ہو جائے

مخالفت کے دور ہونے کی نیت سے تیس روز تک ہر روز پچیس مرتبہ نادِ علیؑ کے پڑھنے سے مخالفت دور ہو گی۔

## حصول شجاعت و بہادری

شجاعت و بہادری کی زیادتی کی نیت سے بیس روز تک ہر روز پچاس مرتبہ نادِ علیؑ کے پڑھنے سے شجاعت میں اضافہ ہو گا۔

Marfat.com

## خوف سے چھٹکارا

ہر روز پچاس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے دل سے ہر قسم کا خوف ختم ہو جاتا ہے۔

## حل المشکل

اگر کسی کو کوئی مشکل کام در پیش ہو تو ہزار مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے تو اس کا مشکل کام آسان ہو جائے گا۔

## مشکل دور ہو جائے

اگر کوئی بھی کسی مشکل کام کے لئے صدق دل سے نادِ علی کو پڑھے تو اس کا مقصد پورا ہو گا۔

## کام مکمل ہو جائے

اگر کوئی بھی گھر میں باہر جاتے وقت ایک مرتبہ جس نیت سے نادِ علیؑ پڑھے گا تو اس کا وہ کام ہو جائے گا۔

## سفر میں سلامتی کیلئے

جو کوئی بھی سفر کرنا چاہتا ہو تو پہلے غسل کر کے دو رکعت نفل نماز پڑھے اور نادِ علیؑ بارہ مرتبہ پڑھ کر سفر پر جائے تو خدا کے فضل سے وہ سلامتی کے ساتھ گھر واپس آئے گا۔

Marfat.com

## بانجھ پن سے نجات

اگر کسی عورت کو فرزند نہ ہوتا تو کاسہ چینی پر زعفران و گلاب سے ناد علیؑ لکھ کر بارش کے پانی یا پاک پانی سے دھو کر پلائیں تو بحکم خدا اس کو فرزند عطا ہو گا۔

## خوف ختم ہو جائے

جس کسی کو دشمنوں کا خوف ہو وہ ہر روز ستائیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ دشمن کا خوف ختم ہو جائے گا۔

## فتح و کامیابی کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ وہ جس بھی کام میں ہاتھ ڈالے اس میں اسے فتح و کامیابی حاصل ہو غیب سے اس کی مدد ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ناد علیؑ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اس طرح پڑھے کہ جب چاند کے مہینہ کا پہلا اتوار اور نمازِ مغرب کے بعد کا وقت ہو، اتوار کے دن ستر مرتبہ پڑھے۔ پیر کے دن ساٹھ مرتبہ منگل کے دن پچاس مرتبہ بدھ کے دن چالیس مرتبہ جمعرات کے دن تمیں مرتبہ جمعہ کے دن اکیس مرتبہ ہفتہ کے دن گیارہ مرتبہ اس طرح ایک ہفتہ میں دو سو بیاسی مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ

Marfat.com

گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے ہمیشہ ہر ماہ کے شروع میں اتوار کے دن سے شروع کرے سات دن بلاناغہ عمل پڑھ لیا کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد ہو گی اور بدرجہ کمال فتوحات ہوں گی جو بھی کام کرنا چاہے گا اس میں آسانی پیدا ہو گی ہر رکاوٹ خود بخود دور ہوتی جائے گی اللہ تعالیٰ کی مدد شامل حال ہو جائے گی۔

## سفر میں کامیابی کیلئے

بیرون ملک جانے کے خواہش مندوں کیلئے ناد علیؓ کی تلاوت کرنا کامیابی کی ضمانت ہے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ بیرون ملک جانے کے لئے اس کا سفر کامیابی سے ہم کنار ہو اور جس مقصد کے لئے یہ سفر کیا ہے اس میں کامیابی حاصل ہو کامیابی کے ساتھ اس ملک میں پہنچ جائے راستے میں ہر طرح کی رکاوٹ ختم ہو جائے اور وہ بغیر کسی پریشانی کے اپنا سفر طے کر لے تو اسے چاہئے کہ وہ سفر پر جانے سے قبل باوضو حالت میں فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک سو پچیس مرتبہ ناد علیؓ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا

Marfat.com

مانگے اس کے بعد ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھتا رہے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی اور اس کا سفر بخیر وعافیت کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگا۔

## غم و پریشانی کا خاتمہ

پریشان حال لوگوں کے لئے ناد علیؑ کا بکثرت پڑھنا بھی پریشانی کو رفع کرنے کا سبب ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے ہر فرض نماز کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو بفضل باری تعالیٰ ہر طرح کی مشکل و پریشانی دور ہو جائے گی۔

## برے خیالات سے چھٹکارا

جب کسی کو شیطانی وساوس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند بھی ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ہر وقت گندے تصورات میں کھویا رہتا ہو۔ رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اول وآخر تین تین بار درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر سو جائے۔

انشاءاللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی۔ برے خواب آنا

Marfat.com

بند ہو جائیں گے۔

## شیطانی وسواس دور ہو جائے

جب فجر کی نماز کے لئے اٹھے تو نماز فجر کی سنت نماز پڑھنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے شیطانی وساوس سے نجات مل جائے گی۔ شیطان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہو گی۔

## متفرق اور مفید عمل

اس کے علاوہ رات کو سونے سے پیشتر تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا۔ اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے

## بری عادتیں ختم ہوں

جو کوئی کسی برے ماحول میں پڑ گیا ہو کسی طرح اس کا بری عادات سے چھٹکارا نہ ہوتا ہو جبکہ وہ چاہتا ہو کہ اس کی طبیعت برائیوں کی طرف مائل نہ ہو اللہ تعالیٰ اسے نیکی کی توفیق عطا فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں مغرب کی نماز ادا

Marfat.com

کرنے کے بعد اسی جگہ پر بیٹھے اور اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ناد علیؑ اپنی حاجت کے خیال کے ساتھ چالیس مرتبہ پڑھے۔

## اغوا شدہ کی برآمدگی کیلئے

گمشدہ چیز اور اغوا شدہ انسان کو واپس لانے کے لئے باوضو ہو کر دو رکعت نماز حاجت پڑھیں۔ بعد سلام ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں۔ پھر سجدے میں سر رکھ کر 1001 مرتبہ درود پاک کی تسبیح پڑھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا اغوا شدہ کی بازیابی کے لاثانی عمل ہے۔ چند ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

## گھریلو ناچاقیوں کا خاتمہ

اگر کسی کے گھر میں ہر وقت جھگڑا رہتا ہے اور سخت تناؤ کی کیفیت ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ناد علیؑ 100 بار پڑھے۔ پھر گیارہ مرتبہ پھر درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں امن، چین اور سکون کا دور دورہ ہو جائے گا۔ کبھی بھی لڑائی جھگڑے کی نوبت

Marfat.com

نہیں پیدا ہو گی۔

## مرض کوڑھ کا خاتمہ

اگر کوئی کوڑھ کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر ناد علیؑ پڑھے۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہونا شروع ہو جائے گا اور صحت قائم ہو جائے گی۔

## قبیح عادات سے نجات

اگر کوئی بھی شراب نوشی میں مبتلا ہو اور زنا جیسی بری عادت کا شکار ہو تو اسے چاہیے کہ وہ اول نماز پڑھنے کی عادت ڈالے اور ہر نماز کے بعد پہلے اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر 11 مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرے اس کے بعد اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ چند دنوں کے عمل سے ہی اسے ان قبیح عادات سے نفرت ہو جائے گی۔

## خلق میں مقبولیت ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ چشم خلائق میں مقبول ہو جائے ہر کوئی

Marfat.com

اس کے ساتھ عزت واحترام سے پیش آئے۔ اس کی شہرت اچھی ہو جائے، لوگوں کی نظروں میں معزز ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکسٹھ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی دعا قبول ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ لوگوں کے دلوں میں اس کی عزت ڈال دے گا اور وہ چشم خلائق میں معزز و محترم ہو جائے گا۔

## آسیب کا اثر زائل

آسیب سے خلاصی نجات حاصل کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس دم کیے ہوئے پانی میں سفید کاغذ پر زعفران سے ناد علیؑ لکھ کر ڈال دے۔ یہ دم کیا ہوا پانی آسیب زدہ کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ افاقہ ہو گا اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

## مصائب سے چھٹکارا

مصیبت کو دور کرنے کی غرض سے ناد علیؑ کا یہ عمل فوری اثر دکھاتا ہے۔ ہر مصیبت اور بلا اس کے اثر سے دور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

اس مقصد کے لئے ناد علیؑ کے ختم شریف کا طریقہ یہ ہے کہ اگر چاہئے تو ختم کبیر کرے یعنی سوا لاکھ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور اگر ہر حرف کے لحاظ سے سو مرتبہ پڑھے تو یہ ساڑھے بارہ ہزار کی تعداد میں پڑھی جائے گی اس کو ختم وسیط کہتے ہیں اور اگر ہر حرف کے بدلے دس مرتبہ پڑھے تو اس کی تعداد ایک ہزار دو سو پچاس مرتبہ ہو گی اس کو ختم صغیر کہتے ہیں۔ ان تین میں سے جو بھی ختم فوری طور پر ہو سکتا ہو کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مصیبت رفع ہو جائے گی اور جو بھی جائز حاجت ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو جائے گی۔ اگر ختم صغیر پڑھنا ہو تو پھر ایک ہی آدمی باوضو حالت میں جمعہ کی رات یا جمعہ کے دن نماز فجر کے بعد پڑھے۔ باقی دونوں ختم ایک سے زیادہ اشخاص مل کر پڑھیں، فجر کے بعد پڑھے۔ ختم کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگی جائے بفضل باری تعالیٰ بلا ٹل جائے گی۔

## رزق میں خیر و برکت کیلئے

روزی میں خیر و برکت اور اضافے کے لئے ناد علیؑ پڑھنا فوری طور پر فائدہ پہنچاتا ہے۔ اگر کسی کا کاروبار نہ چلتا ہو سخت مندے کا رجحان ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا کاروبار دن دوگنی رات

Marfat.com

چوگنی ترقی کرے تو اس مقصد کے لئے ہر ماہ چاند دیکھ کر چاند رات کو نماز مغرب اور نماز عشاء کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو بیٹھ کر اول و آخر درود پاک پڑھے اور ایک ہزار مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ اس کے پڑھنے کے بعد ایک سو مرتبہ یا قاضی الحاجات پڑھے جب یہ پڑھ چکے تو بفضل باری تعالیٰ دعا قبول ہو گی اور غیب سے روزی کے اسباب مہیا ہوں گے۔ رزق میں برکت پیدا ہو گی اور کی رزق کی شکایت جاتی رہے گی۔

## مشکل ختم ہو جائے

ایک سو مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا کرے جس بھی مقصد کے لئے دعا مانگی ہے انشاء اللہ تعالیٰ پوری ہو گی جس بھی کام میں ہاتھ ڈالے گا چاہے اس کی طاقت سے باہر ہو بفضل باری تعالیٰ اس میں کامیابی ہو گی۔ ہر روز بلاناغہ اس عمل کو کرے اور جب تک مطلوبہ مقصد میں کامیابی نہ ہو عمل جاری رکھے۔

## گھریلو لڑائی جھگڑوں کا خاتمہ

اگر کسی گھر میں سخت ناچاقی ہو گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی فضا قائم رہتی ہو کسی بھی طرح گھر میں سلوک و اتفاق

Marfat.com

پیدا نہ ہوتا ہو تو گھر والوں کے مابین ہم آہنگی، سلوک اور اتفاق پیدا کرنے کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں گھر کا کوئی فرد اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اکیس یوم تک بلاناغہ اس کی تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں لڑائی جھگڑے کی کیفیت دور ہو جائے گی گھر کے افراد سلوک اور اتفاق سے رہیں گے۔

## انجان لوگوں میں شناسائی پیدا ہو

اگر کوئی کسی ایسی جگہ یا ایسے شہر میں کسی کام کی غرض سے گیا ہو جہاں پر اس کی کوئی واقف نہ ہو وہاں پر انجان لوگوں سے اس کا واسطہ ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز ظہر کے اکسٹھ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو بھی اس سے ملے گا اچھا سلوک کرے گا۔

## بداخلاقی کا خاتمہ

اگر کسی کا اخلاق درست نہ ہو ہر وقت بدزبانی کرتا رہتا ہو کسی کے سمجھانے پر بھی ٹھیک نہ ہوتا ہو اور سمجھانے والوں کے ساتھ بھی بدزبانی کرتا ہو تو ہر روز اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی اس کو پلا دے۔ چالیس یوم

Marfat.com

تک بلاناغہ یہ عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی بدزبانی کی عادت جاتی رہے گی اور وہ راہ راست پر آجائے گا۔

## درندوں کے شر سے محفوظ

ایسا سفر جو کسی ایسے راستے سے گزرتا ہو جہاں ہر وقت درندوں کے حملہ کا خطرہ رہتا ہو یا موذی درندے گزرگاہ میں پائے جاتے ہوں تو ان کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور راستے میں چلتے ہوئے بھی پڑھتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کوئی بھی درندہ نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## نظر بد کے خاتمہ کیلئے

جس بچے کو بہت جلد نظر بد لگ جاتی ہو ہر روز کسی نہ کسی کی نظر بد کا شکار ہو جاتا ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں ناد علیؑ لکھ کر تعویذ میں محفوظ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ نظر بد سے محفوظ رہے گا مگر ادب کو ملحوظ خاطر رکھے اور دھیان اور توجہ کرے کہ کہیں بچہ تعویذ نہ ڈالنا ہو تو پھر ہر روز نماز مغرب کے بعد اول و آخر درود پاک پڑھ کر درمیان میں تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر بچے کو دم کر دیا کر۔

Marfat.com

## قوت حافظہ کیلئے

جس کسی کا حافظہ بہت ہی زیادہ کمزور ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو حافظہ کی مضبوطی کے لئے باوضو ہو کر چینی کی پلیٹ میں ناد علیؑ لکھے اور خالص عرق گلاب یا پانی سے دھو کر ہر روز پیئے۔ ناد علیؑ زعفران سے لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا، حافظہ کی کمزوری کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## جابر حاکم سے محفوظ

وہ ظالم حاکم جس کے سامنے جاتے ہوئے لوگ ڈرتے ہوں اور اس سے خطرہ محسوس کرتے ہوں کہ کہیں کوئی نقصان نہ پہنچا ئے ایسے ظالم و جابر حاکم کے پاس کسی کام کی غرض سے جانے سے پیشتر باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور راستہ میں چلتے ہوئے بھی پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جب حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ کمال مہربانی سے پیش آئے گا۔

## امتحانات میں کامیابی کیلئے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اسے امتحان میں کامیابی عطا

Marfat.com

فرمائے تو اسے چاہئے کہ وہ امتحان کے آغاز سے چند دن قبل ناد علیؑ اس طرح سے پڑھنا شروع کرے کہ عصر کی نماز اور مغرب کی نماز کے درمیانی وقفہ میں باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے چالیس یوم تک بلاناغہ پڑھے۔ جن دنوں میں امتحان ہو رہے ہوں ان دنوں میں بھی ناغہ نہ کرے اور برابر پڑھے۔ امتحانات جب ختم ہو جائیں تو پھر بھی پڑھے۔ یعنی جس دن سے شروع کرے اس دن سے لے کر چالیس یوم تک بلاناغہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے اللہ تعالیٰ امتحانات میں کامیابی سے نوازے گا۔

## بلند مرتبہ کے حصول کیلئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ اس کی عزت و مرتبہ میں اضافہ ہو جہاں بھی جائے لوگ اس کے ساتھ عزت سے پیش آئیں تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کی ادائیگی کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے حصول عزت و بلند مرتبہ کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ

Marfat.com

تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کا شرف حاصل کرے گی۔

## رنج وغم کے خاتمہ کیلئے

اگر بے پناہ رنج و غم ہو تو ہزار مرتبہ ناد علیؑ پڑھے غم اس سے دور ہو جائیں گے۔

## ناراضگی مہربانی میں بدل جائے

اگر کوئی کسی سے ناراض ہو گیا ہو تو وہ 71 مرتبہ ناد علیؑ کو پڑھ کر اس کے پاس جائے تو وہ ناراض شخص مہربان ہو جائے گا۔

## مخلص دوست بنانے کیلئے

کوئی اول ساعت جمعہ میں بارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر جس سے ملاقات کرے گا وہ دوست بن جائے گا۔

## دولت کے حصول کیلئے

حصول دولت کے لئے ہر روز سولہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے دولت حاصل ہو گی۔

## اختلافات ختم ہوں

لوگوں میں اختلاف و دشمنی کے خاتمہ کے لئے بیس دن تک

Marfat.com

ہر روز تیس مرتبہ ناد علیؑ کے پڑھنے سے عداوت ختم ہو گی۔

## حصول شجاعت کیلئے

شجاعت کے حصول کے لئے ہر روز پچیس مرتبہ پڑھنے سے صاحب شجاعت ہو گا۔

## ملک زوال سے محفوظ رہے

جو کوئی ناد علیؑ ہر روز 65 مرتبہ پڑھے اور اس کی مداومت کرے تو اس کی ملک کو زوال نہ ہو گا۔

## بدخصلت سے محفوظ

اگر بروز جمعہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھے تو دل بد خصلتوں سے پاک ہو گا۔

## باطن کی صفائی کیلئے

جو شخص ایک سو تین مرتبہ پڑھے تو اس کا باطن صاف ہو گا۔

## ظالم سے نجات

اگر ہر روز اکیس مرتبہ پڑھے تو ظالموں کے ظلم سے نجات ملے گی۔

Marfat.com

## بیٹا پیدا ہو

جو عورت اول سات روزے رکھے اور بعد میں ناد علیؑ کو پاک سیاہی سے لکھے اور لکھتے ہوئے بھی ناد علیؑ کا ورد کرتی رہے اور پھر اس کو دھو کر پی لے تو اللہ پاک اسے فرزند عطا فرمائے گا۔

## روزی میں برکت ہو

جو کوئی روزانہ تیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو اس کی روزی میں برکت ہو گی۔

## حجاب کے خاتمہ کیلئے

بعد نماز صبح سینہ پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ پڑھے تو اس کے دل سے حجاب بر طرف ہوں گے۔

## محتاجی دور ہو جائے

جو کوئی صبح کو اپنے ہاتھ بند کر کے دس مرتبہ پڑھے تو کبھی دوسرے کا محتاج نہ ہو۔

## ظالموں کے شر سے محفوظ

اگر بعد نماز عشاء ستر مرتبہ پڑھے تو ظالموں کے شر سے نجات ملے گی۔

Marfat.com

## وافر پیداوار کیلئے

اگر نادِ علیؑ کو لکھ کر دھوئے اور پانی زراعت پر چھڑکے تو پیداوار خوب ہو گی۔

## خوف سے محفوظ

جو کوئی عصر کے بعد اٹھانوے مرتبہ پڑھے تو اس پر خوف کبھی غالب نہ آئے گا۔

## ہر کام کی کامیابی کیلئے

جو سات ہفتوں تک اس کو روزانہ پچاس مرتبہ پڑھے لیکن جمعرات سے عمل شروع کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے تمام کام غیب سے پورے کرے۔

## رزق میں خیروبرکت

جو روزانہ عصر کے بعد تیں مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے تو اس کے رزق میں بہت برکت ہو گی۔

## شہرت و ناموری کیلئے

جو اسے انگوٹھی پر کندا کرا کے پہنے تو بہت ناموری ملے گی۔

Marfat.com

## حمل محفوظ رہے

اگر کسی عورت کا حمل ٹھہر کر گر جاتا ہو تو اس کو قائم رکھنے کی غرض سے جب بھی عورت کو حمل ٹھہرے تو اکسٹھ مرتبہ ناد علیؓ باوضو حالت میں پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور عورت کو کھلادے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا حمل قائم رہے گا۔

## مشکلات کے خاتمہ کیلئے

اگر کوئی کسی مہم پر جانے کا ارادہ رکھتا ہو اور کوئی خوف و خطرہ محسوس کرتا ہو راستے کی رکاوٹوں کا خطرہ در پیش ہو غرض یہ کہ جو بھی خوف ذہن پر سوار ہو اس کو مٹانے اور مہم میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے ناد علیؓ بکثرت پڑھے۔ انشاء اللہ بخیر و عافیت مہم سر ہو گی اور راستے کی تمام رکاوٹیں دور ہو جائیں گی۔

## مطلوب کے دل میں محبت پیدا ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ دوسرا اس پر فریفتہ ہو جائے دوسرے کے دل میں اس کی محبت و الفت پیدا ہو جائے تو اسے چاہیے کہ اکتالیس مرتبہ ناد علیؓ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلادے

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دل میں طلب کی محبت پیدا ہو جائے گی اور اس کا دل طالب کی طرف مائل ہو گا یہ عمل نیک اور جائز مقصد کے لئے کرنے کی اجازت ہے ورنہ نقصان ہو گا۔

## شادی کیلئے مفید عمل

اگر کسی کی بیٹی کنواری ہو اور وہ چاہتا ہو کہ اس کی جلد از جلد کسی اچھی جگہ پر شادی ہو جائے اس کے لئے یہ بہت تگ و دو کرتا ہو مگر کسی بھی جگہ سے رشتہ کا پیغام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ نماز عشاء کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے اس کے بعد قبلہ رو بیٹھ کر توجہ و یکسوئی کے ساتھ گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ پھر اللہ تعالیٰ کا اسم حسنیٰ یا وہاب ایک سو مرتبہ پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی۔

## فتح و کامیابی کیلئے

دشمن کے مقابلہ میں فتح و نصرت حاصل کرنے اور دشمن پر غلبہ پانے کے لئے نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں 313 مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مدد مانگے بفضل باری تعالیٰ دشمن کو

Marfat.com

شکست فاش ہو گی اور وہ راہ فرار اختیار کرنے پر مجبور ہو گا۔

## اولاد کی خواہش پوری ہو

جو کوئی اولاد کی خواہش رکھتا ہو تو اس کو چاہیے کہ وہ چالیس دن تک بلاناغہ نماز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفہ میں ناد علیؑ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکیس مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبول ہو گی۔

## رزق کی فراوانی کیلئے

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لئے ہر روز بلاناغہ نماز فجر کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے اس کو معلوم بھی نہ ہو گا کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہو رہی ہے۔

## روزگار کے حصول کیلئے

اگر کسی کی روزی کا کوئی ذریعہ نہ ہو کاروبار کے لئے سرمایہ نہ ہو ملازمت کا حصول ناممکن ہو کسی بھی طرح روزگار کا کوئی ذریعہ نہ بنتا ہو تو ایسی صورت میں چاہیے کہ چاند کے مہینے میں جب پہلا

Marfat.com

جمعتہ المبارک آئے تو فجر کی نماز پڑھنے کے بعد اس دن سے اس عمل کو شروع کرے یعنی جمعہ کے دن سے لے کر روزانہ بلا ناغہ اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اکتالیس یوم تک پڑھے۔ ناد علیؑ پڑھنے کے بعد ایک مرتبہ یارزاق کا ورد کرے پھر اللہ تعالیٰ سے روزگار کے حصول کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی کے اسباب بہت جلد پیدا ہو جائیں گے۔

## صحیح راستے کی نشاندہی

اگر کوئی سفر کے دوران راستہ بھول جائے یا راستے سے بھٹک کر کسی اور طرف نکل جائے جبکہ وہاں پر کوئی راستہ بتانے والا بھی نہ ہو تو ایسی صورت میں فوری طور پر ناد علیؑ پڑھنا شروع کر دے اور اپنے دل میں راستہ ملنے کی نیت کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے راستہ مل جائے گا۔

## دشمن کی زبان بندی کیلئے

اگر کسی کا دشمن بد زبانی کرنے سے باز نہ آتا ہو جب بھی سامنا ہو گالی گلوچ سے کام لیتا ہو ایسے دشمن کی طرف سے بہت پریشانی لاحق ہو سمجھانے سے بھی کسی کی نہ سنتا ہو تو ایسے دشمن کی زبان

Marfat.com

بندی کرنے کی غرض سے ہو لے کے اکیس دانے لے کر باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں اکیس مرتبہ ناد علیؑ اور ایک مرتبہ یاسین پڑھ کر دم کرے اور ان کو دشمن کے مکان کی دیوار میں اس طرح دبا کر دفن کرے کہ دشمن کو اس کی خبر نہ ہو۔ بفضل باری تعالیٰ مرتے دم تک دشمن بد گوئی نہ کرے گا۔

## اضافہ رزق کیلئے

جو یہ چاہتا ہو کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو اللہ تعالیٰ اسے بہت زیادہ رزق عطا فرمائے تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ ناد علیؑ روزانہ پڑھے جب سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھ چکے تو پھر بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کے رزق میں خیر و برکت پیدا ہو گی۔

## علم میں اضافہ کیلئے

اگر کوئی یہ خواہش اور شوق رکھتا ہو کہ اس کے علم میں اضافہ ہو تمام دینی و دنیوی علوم پر اسے دسترس حاصل ہو جس بھی علم کے بارے میں وہ مطالعہ کرے وہ علم اس کے ذہن و حافظے میں

Marfat.com

محفوظ ہو جائے اور جب بھی ضرورت محسوس ہو وہ علم اس کے لئے فائدہ مند ثابت ہو تو اسے چاہیے کہ وہ نماز تہجد پڑھا کرے نماز تہجد کے بعد اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ علوم دینی و دنیوی میں اس کو دسترس حاصل ہو گی۔

## ہر کام میں کامیابی و کامرانی کیلئے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ جو بھی جائز کام شروع کرے اس میں اسے کامیابی حاصل ہو ناکامی کا منہ نہ دیکھنا پڑے کامیابی اس کے قدم چومے تو ہر روز فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے جب تک کامیابی نہ ہو ہر روز بلا ناغہ اس عمل کو جاری رکھے توجہ اور یکسوئی کے ساتھ عمل کرے یقین کامل رکھے کہ اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی سے ہمکنار فرمائے گا۔

## حافظہ قوی ہو جائے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس کے حافظہ کو اس قدر تقویت دے کہ وہ آسانی سے قرآن پاک حفظ کر سکے اور دین کے

Marfat.com

بارے میں علوم باآسانی سمجھ سکے تو اس کو چاہیے کہ وہ ہر روز نماز عصر کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے بفضل باری تعالیٰ اس کا حافظ مضبوط ہوگا۔

## مریضوں کی مایوسی دور ہو

مریض جو زندگی سے مایوس ہو چکا ہو، سات مرتبہ بارش کے پانی پر دم کر کے تا صحت پیے، انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## امراض کے خاتمہ کے لئے

اگر کوئی بیمار ہو جس کے علاج سے اطبا عاجز آ گئے ہوں تو آب باراں یا آب چاہ پاک پر ستر مرتبہ پڑھ کر مریض کو پلایا جائے شفا ہوگی۔

## ضعف کے خاتمہ کیلئے

جو کوئی بیماری کے باعث ضعیف و ناتواں ہو گیا ہو تو وہ ناد علیؑ ہر روز ستر مرتبہ پڑھے تو اس کا ضعیف دور ہوگا۔

## مرض لاعلاج سے نجات

ہر روز دس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرنے سے لاعلاج مرض دور ہوتے ہیں۔

Marfat.com

## بیماری سے محفوظ

نماز عصر کے بعد ہر روز پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے والا کبھی ہرگز بیمار نہ ہوگا۔

## بیماریوں کے خاتمہ کیلئے

ہر روز نماز مغرب کے بعد اٹھائیس مرتبہ ناد علیؑ دم کر کے دیا جائے انشاء اللہ جلد شفا ہوگی۔

## بخار سے نجات

اگر کسی کو بخار ہو جائے اور دوا اثر نہ کرتی ہو تو چینی کے سفید پیالے پر مشک و زعفران و گلاب سے ناد علیؑ لکھ کر آب باراں یا پاک پانی سے دھو کر اس کو پلائے شفا ہوگی۔

## مرض ناسور سے چھٹکارا

اگر کسی کو ناسور ہو گیا ہو اور کسی دوا سے فائدہ نہ ہوتا ہو تو ہر روز چالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر ناسور پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

## لاعلاج مرض سے نجات

اگر کسی کو کوئی لاعلاج مرض لاحق ہو اور وہ بہ نیت صحت

Marfat.com

متواتر پڑھتا رہے تو انشاء اللہ اس کو صحت حاصل ہو گی۔

## رنج وغم دور جائے

نادِ علیؑ کو ہمیشہ پڑھنے سے کوئی برائی قریب نہیں آتی اور جو حاجت ہو گی وہ پوری ہو گی۔

## مرگ مفاجات سے محفوظ

جو شخص ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے گا وہ مرگ مفاجات سے بے خوف رہے گا۔

## زہر کا اثر ختم ہو

اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو یا وہ کھا گیا ہو یا سانپ نے کاٹ لیا ہو تو مشک و زعفران و گلاب سے سفید چینی کے برتن پر نادِ علیؑ لکھ کر اس کو آب باراں سے دھوئیں اور پانی پر بارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر دم کریں اور اس کو پلائیں تو زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔

## بچھو کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو بچھو نے کاٹ لیا ہو تو سات مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اس مقام پر پھونکے زہر بے اثر ہو جائے گا۔

Marfat.com

## بے خوابی کے خاتمہ کیلئے

اگر کسی کو بے خوابی ہوتی ہو تو نماز جمعہ کے بعد پندرہ مرتبہ پڑھنے سے اس کی بے خوابی دور ہو جائے گی۔

## ہر مرض کے خاتمہ کیلئے مفید عمل

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی علاج سے رفع نہ ہوتا ہو۔ مریض علاج کرواکر عاجز آچکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لئے شافی علاج ہے اس عمل کو علامہ بونی نے اپنے تجربات میں لکھا ہے کہ یہ عمل تمام لاعلاج امراض کو دور کرنے کے لئے مجرب واکسیر ہے۔ انہوں نے مجربات میں یہ بھی لکھا ہے کہ میں نے یہ عمل ایک شخص جس کا نام محمود تھا اور جذام کے مرض میں مبتلا تھا کو بتایا اس شخص سے ہر کوئی تنفر تھا اس نے اللہ کا نام لے کر اس عمل کو شروع کیا اور وہ دو ہفتوں میں ہی بالکل تندرست ہو گیا اور اس کے جسم پر مرض کا نام و نشان تک نہ رہا۔ عمل یہ ہے۔ باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں سات مرتبہ ناد علیؓ پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی پڑھے۔ پھر مریض پر دم کرے اس کے

Marfat.com

ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر دم کرے اور یہ پانی مریض کو پلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

## اٹھرا کے مرض سے نجات

اگر کسی کی اولاد پیدائش کے بعد تھوڑا عرصہ زندہ رہتی ہو اس کی زندگی کے لئے چاہیے کہ جب پیدا ہو جائے تو نیلے رنگ کا چار تار کا سوت لے اور اس کا دھاگہ بنائے اس دھاگہ پر اکیس گرہ لگائے اور ہر گرہ پر اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا دھاگہ بچے کے گلے میں تعویذ کی طرح ڈال دے۔ بفضل باری تعالیٰ بچہ ہر طرح کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور بچے کی عمر طویل ہو گی۔

## قوت حافظہ کیلئے

طالب عملوں اور دماغی کام کرنے والوں کے لئے ناد علیؑ پڑھ کر دم کیا پانی نہایت مفید ہے یہ ان کے ذہن کو جلا بخشتا ہے۔ اگر کسی کی قوت حافظ کمزور ہو کوئی بھی سبق یا بات زیادہ دیر تک یاد نہ

Marfat.com

رہتی ہو بھول جانے کی عادت پڑ گئی ہو تو ایسے شخص کو ہر روز باوضو حالت میں ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دنوں میں ہی اس کا ذہن تیز ہو جائے گا بھول جانے کی شکایت جاتی رہے گی قوت حافظ مضبوط ہو جائے گی۔

## امراض سے شفایابی کیلئے

سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیا جائے اس سے بیمار بالکل تندرست ہو جائے گا۔

## مرض ام الصیان سے نجات

باوضو حالت میں سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور اسے اس طریقہ سے بیمار استعمال کرے کہ ہر روز کھانے سے پہلے اور بعد سونے سے پیشتر اور جاگنے کے بعد گویا روزانہ چھ بار نمک چکھ لیا کرے اگر مرض میں افاقہ دکھائی دے تو بھی نمک کا استعمال تین ماہ تک جاری رکھا جائے اگر مریض اس پر عمل پر مداومت کرے تو انشاء تعالیٰ اس مرض سے نجات پا جائے گا۔

## دماغ کی کمزوری دور

دماغی کمزوری کو دور کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد گیارہ

Marfat.com

مرتبہ ناد علیؑ پڑھنا بہت فائدہ دیتا ہے۔

## دماغ کی تقویت کیلئے

اس کے علاوہ باوضو حالت میں زعفران کے ساتھ چینی کی صاف پلیٹ پر ناد علیؑ لکھے اور دماغی کمزوری کے شکار کو جب بھی پانی پینے کی حاجت ہو اس میں سے پینے کے لئے کہے تو انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی مثبت اثرات مرتب ہوں گے اور دماغی کمزوری کی شکایت جاتی رہے گی۔ اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے دماغ کو تقویت سے نوازے گا اور مضبوطی عطا فرمائے گا۔

## گندے تصورات سے نجات

اس کے علاوہ رات کو سونے سے پیشتر تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کیا ہوا پانی چند گھونٹ پی لے تو بہت جلد اس کا ذہن گندے تصورات سے پاک ہو جائے گا۔ اس کے دل میں اچھے اور نیک خیالات جنم لیں گے۔

## رنج وغم کا خاتمہ

اگر کوئی شخص رنج و غم کے دفع ہونے کے لئے ہر روز ایک سو دس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے گا تو اس کے رنج و غم دور ہو جائیں گے۔

Marfat.com

## تریاق زہر

اگر کسی کو زہر دیا گیا ہو تو نادعلیؑ مشک وزعفران سے چینی کے برتن پر لکھے اور اس پر اکیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر دم کرے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں تو زہر اثر نہ کرے گا

## لاعلاج مرض سے نجات

اگر کوئی ایسا بیمار ہو کہ طبیب اس کا علاج کرنے سے عاجز ہو تو اٹھارہ مرتبہ پانی پر نادعلیؑ دم کر کے اس کو پلائیں شفا ہو گی۔

## پریشانی کے خاتمہ کیلئے

ہر طرح کی پریشانی دور کرنے کے لئے باوضو حالت میں نادعلیؑ لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد پریشانی دور ہو جائے گی، اللہ تعالیٰ نادعلیؑ کی برکت سے پریشانی کو خوشی میں تبدیل فرمادے گا۔

یہ پاک و منزہ پانی ہر روز پینے سے کوئی بھی پریشانی پاس نہیں آتی اور اگر کبھی پریشانی مسلط ہو جائے تو فوراً ہی دور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

## غم دور ہو جائے

غم کی صورت میں باوضو ہو کر اکسٹھ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور پانی پر دم کر کے غم زدہ کو پلائے ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی پینے سے غم زدہ کا غم دور ہو جائے گا۔ بفضل باری تعالیٰ اس کے دل کو سکون کی دولت نصیب ہو گی۔

## دافع امراض کیلئے

کوئی بھی ایسا مرض جو کسی بھی علاج سے رفع نہ ہو تا ہو۔ مریض علاج کرواکر عاجز آچکا ہو تو ذیل میں دیا ہوا عمل مریض کے لئے شافی علاج ہے۔ باوضو حالت میں مریض کے پاس بیٹھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھے پھر چار سو بائیس مرتبہ الشافی پڑھے۔ پھر مریض پر دم کرے اس کے ساتھ ہی ایک گلاس میں تھوڑا سا پانی لے کر اس پر دم کرے اور یہ پانی مریض کو پلادے۔

انشاء اللہ تعالیٰ ہر طرح کے مرض سے خلاصی ہو جائے گی۔ اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا۔

Marfat.com

## گھبراہٹ دور ہو جائے

اگر کسی پر بھی کوئی کام کرتے وقت گھبراہٹ طاری ہو جاتی ہو تو اسے چاہئے کہ اول تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر یہ کلمات پڑھے۔

"یاحي یاقیوم برحمتك استغیث."

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کسی بھی کام کے کرتے وقت گھبراہٹ طاری نہیں ہو گی۔

## بانجھ پن دور ہو جائے

اگر کسی عورت کو بانجھ پن کا عارضہ لاحق ہو تو وہ ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی اس کی امید بر آئے گی۔

## پیٹ کے درد سے نجات

پیٹ میں درد ہونے کی صورت میں گلاس میں تھوڑا سا پانی لیں۔ پھر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اس کے بعد سات

Marfat.com

مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر پھر گیارہ مرتبہ درود پاک کا ورد کریں اور اس پانی کو پی لیں۔ انشاء اللہ افاقہ ہو گا۔

## اختلاج قلب سے نجات

اگر کسی کو اختلاج قلب کا عارضہ لاحق ہو تو اسے چاہئے کہ وہ فجر کی اذان کے فوراً بعد اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر سات مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض جاتا رہے گا۔

## نیند کی زیادتی سے نجات

اگر کسی کو بکثرت نیند آتی ہو اور وہ زیادہ دیر تک سویا ہی رہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 11 مرتبہ نادِ علیؑ کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اس عمل سے اس کی نیند اعتدال پر آجائے گی۔

## امراض چشم کیلئے

اگر کسی کی آنکھوں میں پانی بھر آتا ہو اور لکھنے پڑھنے کے وقت

Marfat.com

اسے تنگی و مشکل پیش آتی ہو تو ایسی صورت میں اول وآخر سات مرتبہ درود پاک اور 11 بار ناد علیؓ پڑھے۔ ہر نماز کے بعد اس عمل کو کرنے سے آنکھوں میں پانی آنا بند ہو جاتا ہے اور آنکھیں صاف شفاف ہو جاتی ہیں۔

## پھوڑے پھنسی کے مرض سے آرام

اگر کسی کو پھوڑا پھنسی کی وجہ سے پریشانی ہو اور جلد کے متاثر حصہ پر سخت سوجن اور درد رہتی ہو تو ایسی صورت میں سات دن تک ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 0 مرتبہ ناد علیؓ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پھنسی پھوڑے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات یو کے اندر ہی پھوڑے پھنسی سے آرام آجائے گا۔

## خونی بواسیر کا خاتمہ

جس کسی کو خونی بواسیر کی شکایت ہو اور کسی طرح سے آرام نہ آرہا ہو تو ایسی صورت میں ہر روز ایک گلاس پانی اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ ناد کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے

Marfat.com

پانی پر دم کر کے پی لے۔ چند ہ دنوں میں ہی خونی بواسیر کا عارضہ جاتا رہے گا۔

## جسمانی کمزوری دور ہو جائے

اگر کوئی بھی کسی بیماری کی وجہ سے جسمانی کمزوری کا شکار ہو گیا ہو یا بیماری سے اٹھنے کے بعد جسم لاغر اور نڈھال ہو چکا ہو اور سخت کمزوری رہتی ہو۔ نقاہت کی وجہ سے چلنا پھرنا محال ہو تو ایسی صورت میں ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 11 مرتبہ ناد علیؓ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جسمانی کمزوری چند ہی دنوں میں رفع ہو جائے گی۔ جسم میں چستی اور توانائی دوبارہ عود کر آئے گی۔

## مرض آتشک کا خاتمہ

اگر کوئی آتشک کے مرض میں مبتلا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ دن میں سات مرتبہ اول اکیس بار ورد پاک پڑھے پھر 11 مرتبہ ناد علیؓ کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس بار درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی مرض سے چھٹکارہ حاصل ہو جائے گا۔

Marfat.com

## قوت نظر کیلئے

اگر کسی کی بینائی کمزور ہو رہی ہو اور اس کی آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ایک پیالی میں پانی لے کر اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر اکتالیس بار ناد علیؑ کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کر کے اس پانی کو آنکھوں پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی۔

## آنکھ کے درد سے نجات

اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو جس کی وجہ سے وہ سخت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 11 مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آنکھ کے درد میں آرام آجائے گا۔

## کان کا درد ختم

اگر کسی کے کان میں درد ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سات دن تک فجر کی نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات

Marfat.com

مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر پھونک مار کر ہاتھوں پر دم کرے اور دم کئے ہوئے ہاتھ اپنے کانوں پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد جاتا رہے گا۔

## تھکاوٹ دور ہو جائے

تمام دن کام کاج کی وجہ سے اگر تھکاوٹ ہو جائے تو رات کو سونے سے پہلے اول سات مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 33 مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کریں۔ پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے جسم پر پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھکاوٹ دور ہو جائے گی۔

## درد شقیقہ کا خاتمہ

اگر کسی کو درد شقیقہ کا عارضہ لاحق ہو تو اسے چاہئے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ ان کلمات کی سات بار ادائیگی کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے ہاتھوں پر پھونک مار کر ماتھے اور سر پر پھیرے، تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

Marfat.com

## قوت بینائی کیلئے

جس کسی کو معلوم ہو کہ اس کی بینائی میں ضعف آتا جا رہا ہے وہ اپنی بینائی کو تیز کرنے کے لئے ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے ہاتھوں کے انگوٹھوں پر پھونک مار کر اپنی آنکھوں پر پھیرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بینائی تیز ہو جائے گی اور کبھی نظر کی کمزوری کی شکایت نہ ہو گی۔

## بخار کے خاتمہ کیلئے

اگر کسی کو بہت تیز بخار ہو اور وہ ٹھیک نہ ہو رہا ہو تو اسے چاہئے کہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر سات بار نادِ علیؑ پڑھے۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور اسے جسم پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بخار جاتا رہے گا۔

## مرض نسیان کا خاتمہ

کسی کی یادداشت ٹھیک طرح سے کام نہ کرتی ہو مرض نسیان

Marfat.com

میں مبتلا ہو، چیز رکھ کر بھول جاتا ہو، ذہن پر زور دینے سے بھی یاد نہ آتی ہو اس وجہ سے بہت پریشان ہو اور مرض نسیان کے باعث اکثر مرتبہ شرمندگی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کا یہ مرض دور ہو جائے تو اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں چینی یا شیشہ کی صاف پلیٹ پر نادِ علیؑ لکھے اور عرق گلاب یا پانی سے دھو کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں مرض نسیان دور ہو جائے گا اور یادداشت بہتر ہو جائے گی۔ اگر نادِ علیؑ مشک و زعفران سے لکھے تو بہتر ہے مرض نسیان کو دور کرنے کے لئے بہترین عمل ہے۔

## بیماری سے شفا یابی کیلئے

ہر قسم کی بیماری میں شفا حاصل کرنے کے لئے نادِ علیؑ سے مدد لینا جلد صحت یابی کا باعث ہے۔ ایسی بیماری جو کسی بھی علاج سے ٹھیک نہ ہوتی ہو وہ بھی دور ہو جاتی ہے اور مریض کو مکمل طور پر آرام آجاتا ہے۔ ہر طرح کے مرض میں شافی علاج کے لئے باوضو حالت میں پاک صاف جگہ پر بیٹھ کر زعفران اور عرق گلاب سے نادِ علیؑ اور آیات شفا لکھے اور تعویذ کی شکل میں مریض

Marfat.com

کے گلے میں ڈال دے۔ پھر ہر روز چینی کی صاف پلیٹ پر ناد علیؑ اول سے آخر تک لکھے اور پانی سے دھو کر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہو گا اور مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

## آدھے سر کے درد سے نجات

اگر کسی کو نصف سر میں شدید درد ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں انگوٹھے اور درمیان والی انگلی میں اس کی کنپٹیوں کو زور سے دباتے ہوئے ناد علیؑ پڑھنا شروع کرے اور پڑھتے ہوئے آہستہ آہستہ دونوں انگلیوں کو ماتھے کے درمیان پیشانی پر ملا دے اور ختم کرے۔ یہ عمل تین مرتبہ کرے اور تین دن تک بلاناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے درد کو آرام آجائے گا۔

## خسرہ کے مرض سے محفوظ

خسرہ کے مرض کو دور کرنے کے لئے نیلے رنگ کا صاف سوت لیں اس کے چند تار نکال کر باوضو حالت میں ناد علیؑ پڑھ کر گیارہ گرہیں لگائیں۔ یعنی ہر گرہ پر ایک بار ناد علیؑ پڑھیں اس

Marfat.com

کے بعد کوئی میٹھی چیز پکا کر کسی مسکین یا محتاج کو دے دیں اور دم کیا ہوا دھاگہ مریض کے بازو پر باندھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مریض بہت جلد شفایاب ہو جائے گا۔

## کمر کے درد سے نجات

کمر درد میں افاقہ حاصل کرنے کے لئے باوضو حالت میں شیشے کی پلیٹ پر ایک مرتبہ ناد علیؑ لکھ کر روغن بلسان خالص سے اس کو پانی کی طرح دھولیں۔ پھر اس تیل پر ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر کسی شیشی میں تیل محفوظ کر لیں۔ کمر درد ہونے کی صورت میں اس تیل کی خوب اچھی طرح مالش کریں انشاء اللہ تعالیٰ درد میں آرام آجائے گا۔

## بچھو کے ڈنک کا اثر زائل

اگر بچھو نے کسی کو ڈنک مارا ہو اور بہت شدید درد محسوس ہو رہی ہو تو باوضو حالت میں تھوڑا سا خوردنی نمک لے کر اس پر سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کرے پھر اس نمک کو گرم پانی میں گھولے اور اس پانی سے جہاں بچھو نے ڈنک مارا ہے اس جگہ کو خوب اچھی طرح دھوئے، اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ناد علیؑ

Marfat.com

کی برکت سے تکلیف رفع ہو جائے گی۔

## پیٹ کے درد سے نجات

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو اور آرام نہ آتا ہو تو چاہیے کہ باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر زعفران اور عرق گلاب سے ناد علیؑ لکھ کر مریض کو پلائے تین یوم تک بلاناغہ پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پہلے دن ہی افاقہ ہوگا اور پیٹ درد کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## زخم ٹھیک ہو جائے

ایسا زخم جو پھوڑے پھنسی کی وجہ سے بن گیا ہو اور کسی طرح ٹھیک نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ اول و آخر درود پاک پڑھے اور تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کرے تین دن میں دو مرتبہ صبح اور شام دم کرے بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا اور رفتہ رفتہ زخم مندمل ہونا شروع ہو جائے گا۔

## کان کا درد ختم ہو جائے

اگر کسی کے کان میں درد کی شکایت ہو تو باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ میں ناد علیؑ لکھیں اور روغن گل سے دھو کر اس تیل کو نیم

Marfat.com

گرم حالت میں چند قطرے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کان کا درد رفع ہو جائے گا۔

## بے خوابی دور ہو جائے

بے خوابی کے لئے قبل نماز جمعہ پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے بے خوابی دور ہو جائے گی۔

## بیماری سے شفا

سو مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرنے سے بیماری سے شفا ہو گی۔

## آنکھ کے درد سے نجات

تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دکھتی آنکھ کو اس پانی سے دھوئیں تو درد سے نجات ملے گی۔

## بیماریوں سے محفوظ

اس کی بہت کثرت کرنے والا تمام بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔

## جسم کے درد سے نجات

جسم کے کسی بھی حصہ میں ہونے والے درد سے شفا حاصل کرنے کے لئے اکہتر مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ

Marfat.com

درود پاک پڑھے اور جس مقام پر درد ہے وہاں پر دم کرے۔ بفضل باری تعالیٰ نادعلیؓ کی برکت سے آرام آجائے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ سے نوازے گا۔ تین یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے اگر تین دن تک آرام نہ آئے تو سات یوم تک برابر دم کرے۔

## نظر بد کو ختم کرنے کیلئے

اگر کسی بچے یا بڑے کو نظر بد لگی ہو تو اس کے اتارنے کی غرض سے باوضو حالت میں تین مرتبہ نادعلیؓ اس طرح سے پڑھے کہ اول وآخر درود پاک پڑھے اور پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دم کرنے سے نظر بد ختم ہو جائے گی

## سر کے درد کو ختم کرنے کیلئے

ہر طرح کے سر درد میں شافی علاج کے لئے باوضو حالت میں پاک وصاف جگہ پر بیٹھ کر ایک سو پچیس مرتبہ نادعلیؓ پڑھے اور سرسوں کے خالص تیل پر دم کرے۔ اس تیل میں سے سر درد کے مریض کو سر میں لگائے اور خوب اچھی طرح مالش کرے۔ اس کے ساتھ ہی تین مرتبہ نادعلیؓ پڑھ کر سر پر دم کرے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے نادعلیؓ کی برکت سے شفائے کاملہ

Marfat.com

نصیب ہو گی۔

## امراض چشم کے خاتمہ کیلئے

اگر کسی کی آنکھیں خراب ہو جائیں یا دکھتی ہوں، آنکھوں سے پانی بہتا ہو یا سو کر اٹھے تو آنکھوں کے پپوٹے آپس میں چپک جاتے ہوں تو ایسی صورت میں باوضو حالت میں بارہ مرتبہ ناد علیؓ پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے اس کے علاوہ پانی پر بھی دم کرے۔ اس پانی سے مریض اپنی آنکھیں دھوئے تین دن تک بلاناغہ اس عمل سے بفضل باری تعالیٰ آنکھوں کو شفا ہو گی۔

## کالی کھانسی کو دور کرنے کیلئے

اگر کسی کو کالی کھانسی کا عارضہ لاحق ہو گیا ہو تو اس سے شافی آرام حاصل کرنے کے لئے باوضو حالت میں اکیس مرتبہ ناد علیؓ پڑھے اول و آخر پچاس پچاس مرتبہ درود پاک پڑھے اور خالص روغن چنبیلی پر دم کر کے مریض کو دے کر رات کو سونے سے قبل اس کی مالش کرائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر کالی کھانسی سے آرام آجائے گا۔

Marfat.com

## فالج کے مرض سے نجات

فالج کے مرض میں مبتلا افراد کے لئے نادِ علیؑ اکسیر کی حیثیت رکھتی ہے جو بھی کوئی فالج کے مرض میں مبتلا ہو تو کسی دوسرے شخص کو چاہئے کہ وہ باوضو حالت میں شیشے کے برتن پر نادِ علیؑ لکھے اور اسے خالص روغن بلسان سے دھوئے اس کے بعد ستر مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر تیل پر دم کرے یہ دم کیا ہوا تیل کسی شیشی وغیرہ میں ڈال کر محفوظ کرے۔ ہر روز اس تیل کی مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہو گا۔

## اختلاج قلب کو دور کرنے کیلئے

اگر کسی مریض کا دل گھبراتا ہو اور وہ سخت بے چینی محسوس کرتا ہو طبیعت میں ہیجانی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں 11 مرتبہ نادِ علیؑ توجہ و یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر خالص عرق گاؤزبان پر دم کرے اور مریض کو دن میں تین تین مرتبہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ مریض کے دل کی گھبراہٹ دور ہو جائے گی۔

## امراض چشم کا شافی علاج

امراض چشم میں شافی علاج کے لئے نادِ علیؑ کا پڑھنا مفید

Marfat.com

اثرات کا حامل ہے۔ نادعلیؑ سے ہر قسم کے امراض کا شافی علاج کیا جا سکتا ہے۔ اس سے امراض چشم بھی دور ہو جاتے ہیں۔

## ٹانگوں کے درد سے نجات

اگر کسی کی ٹانگوں میں درد ہو کسی طرح آرام نہ آتا ہو رات کو سوتے وقت یہ درد شدید ہو جاتا ہو تو اس کو درد کرنے کی غرض سے باوضو حالت میں نادعلیؑ چینی کی پلیٹ پر لکھے اور خالص روغن زیتون سے اس کو دھو کر کسی چیز میں ڈال لے۔ اسکے بعد ستر مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ہر روز رات کو سونے سے پیشتر اس تیل کی مالش کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دنوں میں ہی افاقہ ہوگا۔

## درد قولنج کا خاتمہ

جس کسی کو درد قولنج کا عارضہ لاحق ہو تو چاہئے کہ باوضو حالت میں ایک سو مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہو گی۔ ہر روز بلاناغہ اس طرح دم کر کے پانی پلائے جب تک مکمل آرام نہ آجائے پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا۔

Marfat.com

## دانت درد سے نجات

مریض سے کہیں کہ جس دانت میں درد ہے اس کو دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت اور انگوٹھے سے دانت کو زور سے پکڑے اور دبائے اور ایک مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں اور مریض سے پوچھیں۔ اگر درد رک گیا ہے تو بہتر ہے اگر درد نہ گیا ہو تو دو مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں اور پھر مریض سے پوچھیں۔ اگر درد گیا ہے تو ٹھیک ورنہ تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھیں اور مریض ہر مرتبہ درد کی جگہ کو پکڑے۔ غرضیکہ جب تک درد کم نہ ہو ناد علیؑ ہر مرتبہ ایک بار زیادہ کر کے پڑھتے رہیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد میں افاقہ ہو جائے گا۔

## ہر بیماری کے خاتمہ کیلئے

جو کوئی یہ چاہے کہ بیمار جلد اچھا ہو جائے اس کی بیماری جاتی رہے تو اس مقصد کے لئے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں نوے مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو دن میں کم از کم تین بار یہ پانی پینے کے لئے دے اگر زیادہ مرتبہ پیاس لگے تو مریض یہی

Marfat.com

دم کیا ہوا پانی پیا کرے۔ سات یوم تک ہر روز بلاناغہ اسی طرح نادِ علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کر کے دے اور مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیماری میں بہت جلد افاقہ ہو گا۔

## باری کے بخار سے نجات

اگر کسی کو باری کے بخار کی شکایت ہو یعنی بخار روزانہ یا تیسرے دن یا چوتھے دن باری سے چڑھتا ہو تو بخار چڑھنے سے تقریباً ایک گھنٹہ پہلے باوضو حالت میں روئی پاک صاف لے کر اس کے دو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں۔ ایک پر سات مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں روئی کا پھاہا سا رکھ دیں۔ دوسرے پھاہے پر چھ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر بائیں کان میں رکھیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بخار جاتا رہے گا اللہ تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب فرمائے گا اور صحت یابی ہو جائے گی۔

## سانپ کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ وغیرہ یا کوئی اور زہریلی چیز کاٹ لے تو فوری طور پر دودھ گرم کر کے اس میں پانچ یا دس گرام لہسن کوٹ کر گھولے پھر اس کو باریک کپڑے میں چھان لے۔ اس دودھ پر

Marfat.com

اکیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر باوضو حالت میں دم کرے اور یہ دودھ مریض کو پلادے ہر روز سات یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرتا رہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے زہر کا اثر جاتا رہے گا۔

## پیٹ کا درد ختم ہو جائے

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو اس میں آرام حاصل کرنے کے لئے عامل کو چاہیے کہ وہ باوضو حالت میں گیارہ بار نادعلیؑ پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ فوری طور پر افاقہ ہو گا۔

## پٹھوں کے درد سے نجات

اگر کسی کے پٹھوں میں درد ہو اور دور نہ ہوتا ہو تو چاہیے کہ روغن زیتون لے کر اس پر اکتالیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھے اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور دم کرے یہ تیل مریض کو دے جس جگہ پر درد ہے وہاں اس کی مالش کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ چند بار مالش کرنے سے آرام آجائے گا۔

## مرض طاعون سے محفوظ

نادعلیؑ کی برکت سے طاعون کے مرض میں مبتلا افراد کو بھی

Marfat.com

شفا حاصل ہوتی ہے چنانچہ جو کوئی طاعون کے مرض میں مبتلا ہو اسکے اوپر ناد علیؑ پڑھ کر دم کرنے سے مریض کو شفائے کاملہ نصیب ہو گی۔

## ایک مفید عمل

جو کوئی کسی مریض پر ناد علیؑ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر تھوک دے یا پڑھ کر پھونک مارے اور گلٹی پر تھوڑا سا تھوک لگا دے تو

## زہر کا اثر زائل

اگر کسی نے قصداً یا غلطی سے کوئی زہریلی چیز کھالی ہو جس کی وجہ سے حالت غیر ہو گئی ہو تو باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کرے اور مریض کو کھلا دے۔ اس کے علاوہ تین مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر ہر روز مریض کو دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ زہر کا اثر زائل ہو جائے گا۔

## لاعلاج امراض سے شفایابی کیلئے

جو مریض علاج کروا کر تنگ آچکا ہو مگر بالکل افاقہ نہ ہوتا ہو تو ایسے مریض کے لئے باوضو حالت میں چینی کی پلیٹ پر گلاب و زعفران یا مشک سے ناد علیؑ لکھے۔ پھر پلیٹ کو پاک و صاف پانی سے

Marfat.com

دھوئے اور مریض کو یہ پانی پلا دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے شفاء حاصل ہو گی۔

## آنکھوں کے امراض کا علاج

آنکھوں کے ہر قسم کے امراض میں ناد علیؑ پڑھ کر دم کرنے سے شفائے کاملہ نصیب ہوتی ہے۔

## دکھتی آنکھوں کا علاج

اگر کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں یا ان میں درد ہو یا کسی بھی قسم کی شکایت ہو تو باوضو حالت میں سنت اور فرض نماز کے درمیان اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے اگر خود پڑھ کر دم کرے تو ناد علیؑ پڑھنے کے بعد اپنی انگشت شہادت سے اپنا لعاب دہن آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

## مرض نسیان کا خاتمہ

جو کوئی بھول جانے کے عارضہ میں مبتلا ہو مرض نسیان کا شکار ہو کوئی بھی بات زیادہ دیر تک یاد نہ رہتی ہو تو چاہیے کہ اکیس یوم تک ہر روز بلاناغہ باوضو حالت میں اکہتر مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر پانی

Marfat.com

پر دم کرے اور وہ پانی پی لے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مرض نسیان دور ہو جائے گا۔

## غم دور کرنے کیلئے

غم کا ایسا بوجھ جو کسی بھی طرح دور نہ ہوتا ہو اس غم زدہ کیفیت کی وجہ سے کسی بھی کام میں دل نہ لگتا ہو دل کو کسی طرح قرار و سکون نہ آتا ہو تو چاہئے کہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر عاجزی کے ساتھ دعا مانگے۔ گریہ زاری کرے اور بارگاہ الٰہی میں اپنے گناہوں کی معافی طلب کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غم کا بوجھ چند دنوں میں ہی ہلکا ہو جائے گا۔

## آشوب چشم سے نجات

جس کسی کی آنکھیں دکھتی ہوں اور آرام نہ آرہا ہو تو اس کے لئے چاہئے کہ باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور سلائی پانی میں ڈبو کر دکھتی ہوئی آنکھوں میں سات سات مرتبہ لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین دن کے اندر اندر افاقہ ہوگا اور آنکھیں ٹھیک ہو جائیں گی۔

Marfat.com

## امراض قلب سے محفوظ

اگر کوئی دل کے عارضہ میں مبتلا ہو اور شفاء کے حصول کے لئے کوشاں ہو تو اس کو چاہئے کہ وہ ہر روز نماز عشاء کے بعد تنہائی میں باوضو ہو کر بیٹھے اور مکمل توجہ یکسوئی سکے ساتھ تیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم تک اسی طرح کرے سات یوم میں ہی افاقہ ہوگا۔ سات یوم کے بعد بھی اس عمل کو جاری رکھے بفضل باری تعالیٰ دل کے تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔

## دافع جن و آسیب

جن و آسیب وغیرہ سے نجات حاصل کرنے کیلئے پندرہ مرتبہ پانی پر دم کر کے چھینٹا مارے۔ انشاء اللہ جن و آسیب دفع ہوں گے۔

## تہمت سے بری ہونے کیلئے

اگر کسی پر کوئی تہمت لگائے یا کوئی ملزم کسی غلط الزام میں پکڑ گیا ہو تو تا صفائی 40 مرتبہ روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تہمت سے بری ہو جائے گا۔

Marfat.com

## تین روز میں جواب مل جائے

اگر کہیں سے کسی بات کا یا خط کا جواب منگوانا ہو اور نہ آتا ہو تو قبل نماز عشاء اس طرف کو منہ کر کے 25 بار پڑھ کر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تین روز میں جواب آئے گا یا خبر ملے گی۔

## دشمن مطیع اور زیر کرنے کیلئے

دشمن کو مطیع کرنا ہو تو دشمن کا تصور کر کے 18 بار پڑھ لیا کرے۔

## زبان بندی کیلئے

دشمنوں اور بدخواہوں کی زبان بندی کے لئے بعد ہر نماز کے دس بار پڑھ لیا کرے۔

## جادو سحر سے محفوظ

اگر کسی پر سحر کیا گیا ہو تو سات مرتبہ باؤلی (کنویں) کے پانی پر نادِ علیؑ پڑھ کر دم کریں تھوڑا سا پانی اس کو پلائیں اور باقی پانی سے اس کو غسل کرائیں۔ سحر باطل ہو جائے گا۔

## جادو کا اثر زائل

ہر روز نماز عشاء کے بعد بتیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے سحر د

Marfat.com

جادو اثر نہیں کرتا۔

## آسیب کے خاتمہ کیلئے

اگر کسی بچہ کو آسیب کیا گیا ہو تو ناد علیؑ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں۔ جلد شفا پائے گا۔

## دشمنوں کے شر سے محفوظ

اگر کوئی شخص دشمنوں سے خائف ہو اور دشمنوں کے درمیان پھنس گیا ہو اور مارے جانے کا ڈر ہو تو ایک مٹھی پاک مٹی پر ناد علیؑ سات مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کرے اور ان کی طرف ہوا میں اڑا دے تو بحکم خدا ان کا ضرر اس کو نہ پہنچے گا اور ان سے نجات پائے گا۔

## دشمنوں سے محفوظ

اگر کسی شخص کے دشمن زیادہ ہوں تو وہ ہر صبح ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھا کرے تو ان کے شر سے محفوظ رہے اور دشمنوں پر قہر نازل ہو گا۔

## دشمن مطیع ہو جائے

ستر روز تک ہر روز سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے دشمن مطیع ہوں۔

Marfat.com

## دشمن کی نظر سے محفوظ

ستر مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ ہو جائے گا۔

## دشمنوں سے حفاظت کیلئے

دس روز تک ایک ہزار مرتبہ روزانہ نادِ علیؑ پڑھنے سے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

## مخالفین فرمانبردار ہو جائیں

اگر کوئی شخص ہمیشہ نادِ علیؑ پڑھا کرے تو اس کے مخالفین مطیع و فرمانبردار ہو جائیں گے۔

## دشمن کی بدی سے محفوظ

اگر کوئی شخص ایک ہزار ساٹھ مرتبہ پانی پر پڑھ کر دم کرے اور وہ پانی اپنے دشمن کو پلائے تو خدا کی قدرت سے دشمن کوئی بدی نہ کر سکے گا۔

## دشمن کو مقہور کرنے کیلئے

چہار شنبہ کے روز 33 مرتبہ پڑھ کر مٹی پر دم کریں اور وہ اپنے دشمن پر ڈال دیں تو دشمن مقہور ہو جائے گا۔

Marfat.com

## دشمن نقصان نہ پہنچائے

اگر کسی کو دشمنوں میں جانے کی ضرورت پڑ جائے تو تین بار پڑھ کر اپنے اوپر دم کر کے جائے تو کوئی نقصان نہ ہو گا۔

## دشمن کو نابود کرنے کیلئے

اگر کوئی بھی پندرہ روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر دشمنوں کے گھر کی طرف پھونک دے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ نابود ہو جائیں گے۔

## دشمن کو دوست بنانے کیلئے

اگر کوئی شخص جمعہ کے روز پہلی ساعت میں چھیالیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر جس کسی سے بات کرے گا وہ دوست ہو جائے گا اگرچہ دشمن ہو۔

## غربت سے نجات

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو، غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے

Marfat.com

فضل و کرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی۔

## ایک مجرب عمل

مندرجہ بالا عمل سے تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہو گی۔ غیب سے اس کی خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

## قرض کی ادائیگی کیلئے

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کی بظاہر کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو جبکہ قرض خواہ اسے حد سے زیادہ تنگ کرتا ہو اور کسی طرح بھی مہلت دینے کے لئے آمادہ نہ ہوتا ہو قرض خواہ کے سختی کے ساتھ تقاضوں سے بہت پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول وآخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر قرض کی ادائیگی

Marfat.com

کے اسباب پیدا ہو جائیں گے اور جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

## قرض خواہ تنگ نہ کرسکے

اس کے علاوہ قرض خواہ کے تقاضوں کو روکنے کے لئے کسی بھی چیز پر پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ قرض خواہ قرض کی ادائیگی کے سلسلہ میں تنگ نہ کرے گا اور ناد علیؑ کی برکت واثر کی وجہ سے قرض دار کو مہلت دے گا اور قرضدار کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

## ڈرائونے خوابوں سے نجات

اگر کسی کو سوتے ہوئے ڈراؤنے خواب آتے ہوں یا سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور چونک کر اٹھ بیٹھتا ہو تو وہ رات کو سونے سے پہلے باوضو حالت میں اول وآخر تین تین درود پاک پڑھے اور سات مرتبہ ناد علیؑ اور سات مرتبہ والناس پڑھ کر اپنے اوپر دم کیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے ڈراؤنے خواب نہیں آئیں گے وہ آرام کی نیند سوئے گا۔

## بچہ خواب میں ڈر جاتا ہو تو

اگر کوئی بچہ اس طرح رات کو سوتے ہوئے ڈر جاتا ہو اور اس

Marfat.com

کو ڈراؤنے خواب تنگ کرتے ہوں تو اس کو بھی اسی طرح سونے سے پیشتر دم کر دیا جائے تو وہ سکون سے سویا رہتا ہے اور ڈراؤنے خواب نہیں آتے۔

## قرض کے خاتمہ کیلئے

جو کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو قرض کی ادائیگی کے کوئی اسباب دکھائی نہ دیتے ہوں اور وہ قرض کی ادائیگی کے سلسلہ میں بحد پریشان ہو تو اس کو چاہیے کہ ہر روز نماز عشاء کے بعد چالیس دن تک بلاناغہ چالیس مرتبہ ناد علیؑ قرض کی ادائیگی کی نیت سے پڑھے۔

اول و آخر سات سات مرتبہ درود پاک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ اس کی مدد فرمائے گا اور اس کا قرض جلد ادا ہو جائے گا۔

## فتح و کامیابی کیلئے

جو کوئی کفار کے مقابلے میں جنگ لڑ رہا ہو اور کفار کی شکست کے لئے بے جگری سے لڑ رہا ہو اسے چاہیئے کہ جنگ میں کامیابی کے لئے جب بھی موقع ملے بکثرت ناد علیؑ پڑھے اور اس کا ورد

Marfat.com

کرتا رہے، بفضل باری تعالیٰ دشمن اسے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ وہ میدان جنگ میں محفوظ رہے گا اللہ تعالیٰ اسے اپنی حفظ و امان میں رکھے گا اور جنگ میں کامیابی سے نوازے گا۔ کامیابی و کامرانی اس کے قدم چومے گی اور وہ فاتح کی حیثیت سے واپس آئے گا۔ میدان جنگ میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے آزمودہ عمل ہے۔

## عہدہ میں ترقی حاصل ہو

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کے عہدہ میں ترقی ہو جائے یا ایسی صورت حال پیدا ہو گئی ہو کہ حق دار کو اس کا حق نہ مل رہا ہو یعنی جس کی ترقی ہونے کا حق ہے اس کی ترقی نہ ہو رہی ہو اور کسی اور سفارشی شخص کی ترقی ہو رہی ہو جبکہ وہ اس سے جونیئر ہو تو ایسی صورت میں جو شخص حق پر ہے اس کو چاہئے کہ وہ رات کو نماز عشاء کی ادائیگی کے بعد ایک سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ چالیس یوم کے اندر اندر مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی ناغہ نہ کرے۔ بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔

Marfat.com

# کاروبار کی ترقی کیلئے

کاروبار میں اضافے اور برکت کے لئے جو کوئی ہر نماز کے بعد بیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت ہوگی، روزق کی فراخی ہوگی۔ نادعلیؑ کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کا رزق وسیع فرمادے گا۔ پردہ غیب سے اس کے کاروبار میں ترقی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کا کاروبار ٹھیک ہو جائے گا۔ رکا ہوا کاروبار چند دنوں میں عمل سے ہی چلنا شروع ہو جائے گا۔

# قلب کی قوت و مضبوطی کیلئے

جس کا دل کمزور ہو یعنی معمولی سا بھی کوئی واقعہ برداشت نہ کر سکتا ہو اور خوف و دہشت کا شکار ہو جاتا ہو دیر تک اس واقعہ کا اثر اپنے اوپر محسوس کرتا ہو اپنی اس کمزوری اور قلبی کیفیت کی وجہ سے بہت پریشان رہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں تین تین مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگا کرے کہ اللہ تعالیٰ اسے مضبوط دل عطا فرمائے اس سے خوف و ہراس دور فرمائے۔

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا قبولیت کی سند حاصل کرے گی اور اطمینان و سکون نصیب ہو گا۔

## حاجت روائی کیلئے مفید عمل

ہر قسم کی جائز حاجت روائی اور فوری طور پر مثبت اثرات حاصل کرنے کے لئے ناد علیؑ کا یہ تیر بہدف عمل ہے اس عمل سے بگڑے کام سنور جاتے ہیں۔ جلد حاجت روائی کے غیب سے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔

اگر کسی کی کوئی ایسی حاجت ہو جو کسی بھی طرح پوری نہ ہوتی ہو تو چاہیے کہ ہر روز باوضو حالت میں تین سو تیرہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور اپنی حاجت کا سوال کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد حاجت پوری ہو جائے گی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو اس وقت تک ہر روز بلا ناغہ پڑھتا رہے۔ بفضل باری تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر اندر حاجت پوری ہو جائے گی۔

## حصول ملازمت کیلئے

جو کوئی اچھی ملازمت کے حصول کے لئے کوشاں ہو اور چاہتا

Marfat.com

ہو کہ جلد از جلد اسے ملازمت مل جائے تو اس مقصد کے لئے اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ ناد علیؓ اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور جب ملازمت کے حصول کے لئے درخواست لکھ کر دے اس درخواست پر گیارہ مرتبہ ناد علیؓ پڑھ کر دم کرے اور اللہ تعالیٰ سے عاجزی وانکساری کے ساتھ دعا بھی مانگے۔ اللہ تعالیٰ اسے کامیابی نصیب فرمائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں اسے اچھی جگہ پر ملازمت مل جائے گی۔ جب تک ملازمت نہ ملے اس عمل کو بلاناغہ جاری رکھے۔ ناامیدی اور مایوسی کا شکار نہ ہو۔ بفضل باری تعالیٰ ناد علیؓ کی برکت سے اس کی روزی کا مسئلہ دنوں میں حصل ہو جائے گا۔

## شیطان کے شر سے محفوظ

شیطان کے شر سے محفوظ رہنے اور نیکی کے راستے پر گامزن ہونے کی غرض سے ہر روز نماز مغرب کے بعد اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور اکیس مرتبہ ناد علیؓ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شر شیطان سے بچاؤ کے لئے دعا مانگے۔

Marfat.com

شروع میں اتوار کے دن سے شروع کر کے سات دن بلاناغہ عمل پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی غیب سے مدد ہو گی اور بدرجہ کمال فتوحات ہوں گی جو بھی کام کرنا چاہے گا اس میں آسانی پیدا ہو گی ہر رکاوٹ خود بخود دور ہوتی جائے گی۔

## سفر کی کامیابی کیلئے

بیرون ملک جانے کے خواہش مندوں کے لئے نادعلیؑ کی تلاوت کرنا کامیابی کی ضمانت ہے۔

جو کوئی یہ چاہے کہ بیرون ملک جانے کے لئے اس کا سفر کامیابی سے ہم کنار ہو اور جس مقصد کے لئے یہ سفر کیا ہے اس میں کامیابی حاصل ہو کامیابی کے ساتھ اس ملک میں پہنچ جائے راستے میں ہر طرح کی رکاوٹ ختم ہو جائے اور وہ بغیر کسی پریشانی کے اپنا سفر طے کر لے تو اسے چاہیۓ کہ وہ سفر پر جانے سے قبل باوضو حالت میں فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد قبلہ رو ہو کر بیٹھے اور ایک سو پچیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اس کے بعد ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ نادعلیؑ پڑھتا رہے اور کبھی ناغہ نہ کرے۔

Marfat.com

انشاء اللہ تعالیٰ اسے مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہو گی اور اس کا سفر بخیر وعافیت کامیابی کے ساتھ مکمل ہو گا۔

## دشمن کے نقصان سے محفوظ

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو اور دشمن کسی بھی طرح صلح کی طرف مائل نہ ہوتا ہو۔ ہر وقت نقصان پہنچانے کے منصوبے بناتا رہتا ہو جس کی وجہ سے خطرہ ہو کہ دشمن کہیں اوچھے ہتھکنڈے استعمال نہ کرے تو ایسی صورت میں ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر بہت جلد اثر ہو گا وہ مغلوب اور زیر ہو جائے گا بلکہ راہ راست پر آجائے گا کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت وہمت نہ کرے گا۔

## دشمن صلح کی طرف مائل ہو جائے

ناد علیؑ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا فرمادے گا کہ دشمن صلح کی طرف مائل ہو گا اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گا۔ دشمن کو زیر کرنے کے لئے ناد علیؑ کا وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

Marfat.com

# شیطانی وساوس سے نجات

جس کسی کو شیطانی وساوس تنگ کرتے ہوں رات کو نیند بھی ٹھیک طرح سے نہ آتی ہو۔ ہر وقت گندے تصورات میں کھویا رہتا ہو۔ ذہن نیکی کے کاموں کی طرف مائل نہ ہوتا ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ہر رات سونے سے قبل باوضو حالت میں اول وآخر تین تین بار درود پاک پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے سکون سے نیند آئے گی۔ برے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔

# مفید اور مجرب عمل

جب فجر کی نماز کے لئے اٹھے تو نماز فجر کی سنت نماز پڑھنے کے بعد فرض نماز سے پہلے گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے عا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے شیطانی وساوس سے نجات مل جائے گی۔ شیطان کو اپنے مقصد میں ناکامی ہو گی۔

# جھوٹ بولنے سے نجات

جس کو ذرا ذرا سی بات پر جھوٹ بولنے کی عادت پڑ گئی ہو اور اسے احساس تک نہ ہوتا ہو کہ وہ ہر معاملے میں جھوٹ سے کام

Marfat.com

لیتا ہے اس کی اسی بد عادت کی وجہ سے اسے اکثر شرمندگی اور پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو اور وہ اپنی اس عادت کی وجہ سے تنگ ہو اور اس سے چھٹکارا پانا چاہتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز فجر کی سنت اور فرض نماز کے درمیانی وقفے میں اکیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ بفضل باری تعالیٰ چند دنوں میں ہی اس کی جھوٹ بولنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

## حصول دولت

اگر کوئی بھی دولت و حشمت کے لئے ہزار مرتبہ پڑھے تو اس کو دولت و حشمت حاصل ہو گی۔

## حصول عزت و مقام کیلئے

روزانہ اٹھارہ مرتبہ پڑھنے سے عزت و رفعت حاصل ہو گی۔

## حصول عزت و حرمت

اگر کوئی بھی صاحب عزت و حرمت کے لئے پانچ سو مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو وہ اپنے مقصد میں کامیاب ہو گا۔

## مشکل کام میں کامیابی کیلئے

ہر مشکل کام میں کامیابی کے لئے پانچ روز تک ہر روز چار سو

Marfat.com

مرتبہ نادعلیؑ پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہو گی۔

## دشمن مہربان ہو جائے

اگر کوئی بجمعہ کی پہلی ساعت میں 47 مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر جس کے ساتھ بھی بات کرے وہ اس سے محبت کرے گا خواہ وہ جانی دشمن ہی کیوں نہ ہو۔

## دوست بنانے کیلئے

اگر کوئی سو مرتبہ پاک مٹی پر پڑھ کر دم کرے اور جس شخص کے نام سے بہتے ہوئے پانی میں ڈالے تو وہ دوست ہو جائے گا۔

## عداوت ڈالنے کیلئے

دو بڑے اشخاص میں دشمنی ڈالنے کی نیت سے دس روز تک ہر روز پانچ مرتبہ نادعلیؑ پڑھے تو ان میں عداوت پیدا ہو گی۔

## دشمن کو برباد کرنے کیلئے

دشمن کی بربادی کے لئے ہر روز بیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھنے سے دشمن کا گھر خراب ہو گا۔

## دافع دشمن دفع

دشمنوں کے دفع ہونے کے لئے ہر روز پچیس مرتبہ نادعلیؑ

Marfat.com

کے پڑھنے سے وہ دفع ہو جائیں گے۔

## مخالف کے خوف سے محفوظ

ہر روز پچاس مرتبہ ناد علیؑ کے پڑھنے سے مخالفین کا خوف و ہراس دل سے دور ہو گا۔

## دشمن کو بیمار کرنے کیلئے

دشمن کو ہلاک کرنے یا بیمار ڈالنے کے لئے کھڑے رہ ایک خط کھینچے اور اس خط پر ایک سو مرتبہ ناد علیؑ اس دشمن کے نام سے پڑھے تو وہ ضرور بیمار ہو گا۔

## دشمن کی ہلاکت کیلئے

دشمن کی ہلاکت کے لئے سات روز تک ہر روز ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو ضرور اس کی ہلاکت واقع ہو گی۔

## دشمن ذلیل و خوار ہو جائے

اگر کوئی اپنے دشمن کو ذلیل و خوار کرنا چاہتا ہو تو چھ روز ہر روز ایک سو مرتبہ پڑھے اس کے دشمن ذلیل و خوار ہوں گے۔

## دشمن کے ضرر سے محفوظ

دشمنوں کے شر و ضرر سے نجات کے لئے دس روز تک ستر

Marfat.com

مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے ان کے شر سے نجات ملے گی۔

## دشمن ہلاک ہو جائے

دشمن کے ہلاک ہونے کی نیت سے ایک ہفتہ ہر روز ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھے تو دشمن قتل ہو جائے گا۔

## دشمن گھر سے خودبخود نکل جائے

دشمن کو گھر سے نکالنے کے لئے تیس روز تک ہر روز تیس مرتبہ ناد علیؑ کے پڑھنے سے دشمن گھر سے نکالا جائے گا۔

## دشمنوں پر قہر نازل ہو جائے

دشمنوں پر قہر نازل ہونے کی نیت سے پانچ روز ہر روز سو مرتبہ ناد علیؑ کے دورد سے دشمنوں پر قہر نازل ہو گا۔

## فتح و کامرانی کے لئے

فتح یابی کے لئے پانچ روز ہر روز چار سو مرتبہ پڑھنے سے فتح حاصل ہو گی۔

## مخالفین کو زیر کرنے کیلئے

ہر صبح ستر بار ناد علیؑ پڑھنے سے مخالفین زیر ہوں گے۔

Marfat.com

## قید سے رہائی ہو جائے

کسی قیدی کی رہائی کے لئے ہر روز ایک سو ساٹھ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھنے سے رہائی نصیب ہو گی۔

## رزق کی فراوانی کیلئے

حصول وسعت رزق کے لئے اتوار کے روز نیک ساعت میں ابتدا کرے اور ہر روز اکتالیس مرتبہ اکتالیس روز تک ایک ہی وقت میں نادِ علیؑ پڑھا کرے۔ بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

## تمام مقاصد میں کامیابی کے لئے

تمام مقاصد کی تکمیل کے لئے اٹھارہ روز ہر روز پچیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھیں تو وہ کامیاب ہو گا۔

## قید سے بری ہو جائے

اگر کوئی ایسی جگہ گرفتار ہو گا ہو جہاں سے رہائی کی کوئی امید نہ ہو تو وہ سات مرتبہ خاک پر نادِ علیؑ پڑھ کر ان لوگوں کی طرف پھینکے جنہوں نے گرفتار کیا ہے تو اسے کوئی نقصان نہ پہنچے گا اور وہ فوراً رہا ہو جائے گا۔

Marfat.com

## جادو کے اثر سے نجات

اگر کسی پر جادو ٹونہ کیا گیا ہو تو اس کے لئے سات کنوؤں کا پانی لے کر اس پر ناد علیؑ کو سات مرتبہ پڑھ کر اس پانی سے سحر زدہ کو غسل دیں اور اس کو پلائیں تو تمام اثرات ختم ہو جائیں گے۔

## دشمن پر فتح حاصل ہو

اگر کسی کو دشمن کی طرف سے نقصان پہنچنے کا ڈر ہو اور دشمن کسی بھی طرح صلح کی طرف مائل نہ ہوتا ہو۔ ہر وقت نقصان پہنچانے کے منصوبے بناتا رہتا ہو جس کی وجہ سے خطرہ ہو کہ دشمن کہیں اوچھے ہتھکنڈے استعمال نہ کرے تو ایسی صورت میں ہر روز نماز عشاء کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر بہت جلد اثر ہو گا وہ مغلوب اور زیر ہو جائے گا بلکہ راہ راست پر آجائے گا کسی قسم کا نقصان پہنچانے کی جرأت و ہمت نہ کرے گا۔

## دشمن صلح پر آمادہ ہو جائے

ناد علیؑ کی برکت سے اللہ تعالیٰ ایسے اسباب پیدا فرمادے گا کہ

Marfat.com

دشمن صلح کی طرف مائل ہو گا اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گا۔ دشمن کو زیر کرنے کے لئے نادِ علیؓ کا مندرجہ بالا وظیفہ اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔

## مفلسی و غربت سے نجات

جو کوئی مفلسی کا شکار ہو، غربت اور تنگ دستی کے ہاتھوں سخت پریشان ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں ستر مرتبہ نادِ علیؓ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی مفلسی دور ہو جائے گی۔

مندرجہ بالا عمل سے تنگدستی کی جگہ خوشحالی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ چند ماہ تک بلاناغہ اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناامیدی اور مایوسی نہ ہو گی۔ غیب سے اس کی خوش حالی کے سامان پیدا ہوں گے ہر طرح کی پریشانی سے خلاصی ہو جائے گی۔

## رزق میں خیر و برکت کے لئے

اگر چلتا ہوا کاروبار اچانک رک گیا ہو جس کی وجہ سے مالی

Marfat.com

مشکلات پیدا ہو گئی ہوں تو چاند کے مہینے کے پہلے سوموار کی نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں ایک سفید کاغذ پر ناد علیؑ لکھے اس کے بعد اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں گیارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے اور لکھے ہوئے کاغذ پر دم کرے۔ اس نقش کو کاروبار کی جگہ پر اونچی جگہ لگا دے یا مال تجارت میں رکھ دے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رزق میں برکت پیدا ہو گی۔ ناد علیؑ کی برکت سے کاروبار خوب چمکے گا۔

## قید سے نجات

اگر کسی قیدی کو ناحق قید کیا گیا ہو تو وہ قید میں ہی ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 108 مرتبہ ناد علیؑ ورد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رہائی کے اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

## حادثات سے محفوظ

ہر قسم کے حادثات سے بچے رہنے کے لئے رات کو سونے سے قبل باوضو ہو کر اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 184 مرتبہ المقدم کا ورد کریں اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ

Marfat.com

درود پاک پڑھیں اس عمل سے انسان بیشمار حادثات سے محفوظ رہتا ہے۔

## قرض سے آزادی حاصل ہو جائے

جسی شخص پر بہت زیادہ قرض چڑھ چکا ہو اور وہ قرض ادا کرنے کی طاقت نہ رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے پھر یہ کلمات پڑھے۔

”الهم اكفنى بحلالك عن حرامك واغننى بقضلك عمن سواك.“

”اے میرے اللہ! حرام کے بدلے تو مجھے میری ضرورت کے مناسب حلال روزی عطا فرما اور اپنے فضل سے اپنے ماسوا سے بے نیاز کر دے۔“

ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غیب سے قرض کی ادائیگی کا سامان پیدا ہو جائے گا اور پریشانی جاتی رہے گی۔

## دافع آفات و مصائب

اگر کوئی کسی مصیبت یا آفت میں گرفتار ہو جائے تو اسے

Marfat.com

چاہئے کہ اوّل تین مرتبہ درود پاک پڑھے پھر یہ کلمات پڑھے۔
"اللّٰہ اللّٰہ ربنا النشرک بہ شیئا."
ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر تین مرتبہ درود پاک کا ورد کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مصیبت اور آفت سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔

## میاں بیوی میں نااتفاقی دور ہو جائے

اگر میاں بیوی کی آپس میں نااتفاقی ہو جائے اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کا ماحول رہتا ہو تو ایسی صورت میں اول گیارہ مرتبہ دورد پاک پڑھے۔ پھر 101 مرتبہ نادِ علیؓ کا ورد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھ کر کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے میاں بیوی کو کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گھر میں برکت پیدا ہو جائے گی۔ نااتفاقی کا ماحول ختم ہو جائے گا۔

## رشتہ کے حصول کے لئے

اگر کسی گھر میں لڑکے لڑکی کی طرف سے رشتے کے مسئلہ پر پریشانی ہو، لڑکے یا لڑکی یا رشتہ نہ ملتا ہو اور لڑکی کی عمر بڑھتی جا رہی ہو۔ ایسی صورت میں لڑکا یا لڑکی ہر نماز کے بعد اول اکیس

Marfat.com

مرتبہ درود پاک پڑھے۔ پھر 101 مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرے۔ اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے۔ جب تک مطلوبہ مقصد حاصل نہ ہو اس عمل کو جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی رشتے کی پریشانی دور ہو جائے گی۔

## بدعادات سے نجات

اگر کسی شخص میں بری عادات ہوں اور وہ چاہتا ہو کہ کسی طرح اسے بری عادات سے چھٹکارا حاصل ہو جائے تو ایسی صورت میں اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے پھر 11 مرتبہ ناد علیؑ کا ورد کرے اس کے بعد پھر اکیس مرتبہ درود پاک پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حاصل ہو جائے گا۔

## دکان کی خیروبرکت کے لئے

دکان میں خیروبرکت کے حصول کے لئے ہر روز دکان کھولنے کے بعد باوضو حالت میں اول گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں پھر 11 مرتبہ ناد علی کا درد کرے اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور دکان کے چاروں کونوں میں پھونک

Marfat.com

مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دکان میں خیر و برکت پیدا ہو جائے گی۔

## آسیب کے اثرات کا خاتمہ

اگر کسی پر آسیب کا اثر ہو اور اس کی وجہ سے وہ بہت زیادہ پریشان ہو تو کسی دوسرے کو چاہیئے کہ وہ باوضو ہو کر اول سات مرتبہ درود پاک پڑھے پھر سات مرتبہ ان کلمات کا ورد کرے۔ ان کلمات کو پڑھنے کے بعد پھر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد آرام آجائے گا۔

## روزگار کے حصول کیلئے

ایسے افراد جو بیروزگاری کے ہاتھوں تنگ آچکے ہوں کہیں سے کوئی روزگار حاصل نہ ہوتا ہو۔ روزی کی تلاش میں مارے مارے پھرتے ہوں مگر پھر بھی مقصد حل نہ ہوتا ہو تو اس مقصد کے حصول کے لئے ناد علیؑ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور فوری اثرات کا حامل ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کے مہینہ کے عروج میں فجر کی نماز کے بعد جمعہ کے دن سے شروع کرے اور ہر روز بلاناغہ اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ اس

Marfat.com

طرح سے پڑھے کہ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھے اسی طرح ہر روز اکتالیس دن تک پڑھے درمیان میں ایک بھی دن کا ناغہ نہ کرے۔ انشاء اللہ روزی کے اسباب غیب سے مہیا ہو جائیں گے اللہ تعالیٰ نادِ علیؑ کی برکت سے اچھا روزگار نصیب فرمائے گا پریشانی جاتی رہے گی معاشی اور مالی پریشانی جلد دور ہو جائے گی۔

## شوہر بدعادات سے باز آجائے

اگر گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ گیارہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز خاوند کو پلائے۔ انشاء اللہ نادِ علیؑ کی برکت سے بھٹکا ہوا خاوند راہ راست پر آجائے گا اس کی بری عادات چھوٹ جائیں گی اور وہ نیکی کی راہ پر گامزن ہو جائے گا۔

## طبیعت میں نرمی پیدا ہو جائے

اگر بات بات پر اسے غصہ آجاتا ہو کسی کی بات برداشت نہ کرتا ہو ہر وقت لڑنے جھگڑنے پر آمادہ رہتا ہو طبیعت میں بہت زیادہ اکھڑ پن ہو۔ کسی کی نہ سنتا ہو اور بلاوجہ غصہ کرتا ہو تو چاہئے

Marfat.com

کہ اکتالیس مرتبہ باوضو حالت میں پڑھ کر پانی پر دم کرے اور ہر روز یہ دم کیا ہوا پانی اسے پلایا جائے۔ بفضل باری تعالیٰ اس کا غصہ جاتا رہے گا۔ طبیعت میں نرمی اور رحم دلی کے جذبات پیدا ہوں گے۔ ناد علیؑ کی برکت سے اس کی طبیعت اعتدال پر آجائے گی اس میں صبر و برداشت کا مادہ پیدا ہو جائے گا۔

## ادائیگی قرض کیلئے مفید عمل

اگر کوئی قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا ہو۔ قرض کی ادائیگی کا کوئی ذریعہ نہ ہو اور قرض خواہ اسے قرض کی واپسی کے سلسلہ میں تنگ کرتے ہوں اور وہ اس صورت حال سے سخت پریشان ہو تو اس کو چاہیۓ کہ تین دن روزے رکھے اس کے بعد تیسرے دن نماز مغرب کی ادائیگی کے بعد پاک صاف حالت میں باوضو ہو کر صاف ستھرا لباس پہنے اور کسی بھی پاک جگہ پر بیٹھ کر ناد علیؑ 100 بار پڑھے۔ اس کے بعد تین سو بار درود پاک پڑھے اور پھر اللہ تعالیٰ سے قرض کی ادیگی کے لئے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ قرض کی ادائیگی کے بہت جلد اسباب پیدا ہو جائیں گے۔

Marfat.com

## دافع آسیب کیلئے

اگر کسی کو آسیب بہت زیادہ تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا حاصل کرنے کی غرض سے تین مرتبہ نادِ علیؑ باوضو حالت میں پڑھے پھر ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور ایک مرتبہ چاروں قل شریف اور سورہ جن کی ابتدائی پانچ آیات مبارکہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور آسیب زدہ کے چہرے پر اس پانی کے چھینٹے مارے۔ اس کے علاوہ جس گھر میں آسیب زدہ رہتا ہو، اس کے چاروں کونوں میں بھی اس پانی کو چھڑک دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا۔

## حصول ترقی و عزت

اگر کوئی چاہتا ہو کہ اسے عزت و مرتبہ حاصل ہو، لوگ اس کی عزت کریں اور وہ لوگوں کی نظروں میں معزز کہلایا جائے تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اسی طرح سے نادِ علیؑ پڑھا کرے۔ نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اکیس مرتبہ، نماز ظہر کے بعد بائیس مرتبہ، نماز عصر کے بعد تئیس مرتبہ، نماز مغرب کے بعد چوبیس مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد دس مرتبہ پڑھے، اس کے

Marfat.com

بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے تو انشاء اللہ تعالیٰ جلد دعا قبول ہو گی اور اللہ تعالیٰ عزت و مرتبہ سے نوازے گا۔

## کاروبار اور روزی میں خیروبرکت

کاروبار میں ترقی اور رزق میں خیر و برکت کے لئے ناد علیؑ پڑھنا بہت ہی فائدہ مند ہے جو کوئی کاروبار میں ترقی کا خواہاں ہو وہ چاند کے مہینہ کی پہلی اتوار سے اس عمل کو شروع کرے اور ناد علیؑ اس طرح سے پڑھے۔

اتوار کی فجر کی نماز کے بعد ستر مرتبہ ناد علیؑ پڑھے دوسرے روز پیر کے دن فجر کی نماز ادا کرنے کے بعد ساٹھ مرتبہ پڑھے تیسرے دن منگل کے روز پچاس بار پڑھے۔ بدھ کو چالیس بار پڑھے۔ جمعرات کو تیس بار پڑھے لیکن ہر روز اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود پاک بھی پڑھے اس کے بعد اللہ تعالی سے فراخی رزق کی دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقصد پورا ہو گا اور رزق کی خوب فراوانی ہو گی۔

## رزق فراخ حاصل ہو

ناد علیؑ کا مندرجہ بالا عمل بہت ہی فیوض و برکات کا حامل ہے

Marfat.com

اس کا عامل رزق کی کمی کا شکار نہیں ہوتا۔

## ظالم حاکم کے شر سے محفوظ

اگر کسی کو ہر وقت ظالم حاکم کا خوف سر پر سوار رہتا ہو اور ظالم حاکم کے پاس جانے میں خطرہ محسوس ہوتا ہو تو اگر ایسے حاکم کے پاس جانا بے حد ضروری ہو تو وہ باوضو حالت میں انیس بار نادِ علیؑ پڑھے اور اپنے اوپر دم کرے پھر حاکم کے پاس جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربانی سے پیش آئے گا کسی قسم کا نقصان نہ پہنچائے گا۔ ہر طرح کی برائی سے محفوظ رہے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی حفظ و امان میں رکھے گا۔

## زوجین میں سلوک و اتفاق پیدا ہو

اگر میاں بیوی کے مابین ناچاقی رہتی ہو آپس میں سلوک و محبت نہ ہو ہر وقت جھگڑتے رہتے ہوں تو باوضو حالت میں اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے۔ درمیان میں ساٹھ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے۔ اس طرح پڑھنے کے بعد پانی پر دم کرے اور یہ دم کیا ہوا پانی ہر روز میاں بیوی کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے ہی دنوں میں میاں بیوی کی ناچاقی پیار و محبت میں بدل جائے گی

Marfat.com

دونوں کے مابین سلوک واتفاق کی فضا قائم ہو جائے گی۔

## جادو وسحر سے حفاظت کے لئے

جس کسی کو یہ خطرہ ہو کہ کوئی اس پر جادو کر دے گا تو اسے چاہئے کہ وہ ہر روز نماز فجر اور نماز مغرب کے بعد ایک سو پچیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا خوف دور ہو جائے گا۔

## گمشدہ کی خبر مل جائے

اگر کسی کا کوئی عزیز یا دوست گم ہو گیا ہو یا کسی کا کوئی بچہ راستہ بھٹک گیا ہو اور اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس کی خیر و عافیت کی غرض سے چند آدمی پاک صاف کپڑے پہن کر اور باوضو حالت میں ایک جگہ پر بیٹھیں اور ایک ہزار مرتبہ توجہ و یکسوئی کے ساتھ نادِ علیؑ پڑھیں اس کے بعد بارگاہ الٰہی میں عجز و انکساری کے ساتھ دعا مانگیں۔ سات یوم تک بلاناغہ اس طرح عمل کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات یوم کے اندر اندر گمشدہ کے بارے میں علم ہو جائے گا یا وہ واپس آجائے گا۔

Marfat.com

## سر میں پانی بھر جائے تو

اس مقصد کے لئے ناد علیؑ انتہائی شفا بخش اثر رکھتی ہے۔ جو کوئی اس مرض میں مبتلا ہو تو دوسرا شخص باوضو حالت میں مریض کے سر پر اپنا ہاتھ پھیرتے ہوئے تین مرتبہ ناد علیؑ توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھ کر دم کرے۔ جب تک مکمل آرام نہ آئے ہر روز یہ عمل بلا ناغہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہوگا اور تھوڑے ہی دنوں میں مرض سے نجات مل جائے گی۔

## حاکم کو تسخیر کرنے کیلئے

اگر کسی کا کسی حاکم وقت سے کوئی جائز کام ہو جبکہ وہ حاکم کسی بھی طرح کام کرنے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا یہ اس حاکم کے سامنے جانے سے گھبراتا ہو یا اس پر کوئی ناجائز مقدمہ بنا دیا گیا ہو اس کو خطرہ ہو کہ کہیں مقدمے کا فیصلہ اس کے خلاف نہ ہو جائے اسے ناحق سزا نہ ہو جائے تو حاکم اور قاضی کو تسخیر کرنے کے لئے ناد علیؑ کا یہ عمل نہایت آزمودہ اور مجرب ہے عمل کا طریقہ یہ ہے کہ باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے نماز فجر کی ادائیگی کے بعد گیارہ سو مرتبہ ناد علیؑ نہایت توجہ اور یکسوئی کے ساتھ

Marfat.com

پڑھے اگر نماز فجر کے بعد نہ پڑھ سکتا ہو تو پھر نماز عشاء کے بعد پڑھے۔ حکام کو تسخیر کرنے اور مقدمات میں انصاف کے حصول کے لئے یہ عمل بہت ہی پر اثر ہے۔

## کھیل میں کامیابی کیلئے

کھیل میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے نماز فجر اور نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کھیل میں کامیابی نصیب ہو گی اور بفضل باری تعالیٰ کھیل میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے کی توفیق عطا ہو گی۔

## دشمن سے محفوظ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ امن اور عافیت سے رہے۔ دشمن کی طرف سے خطرہ ٹلا رہے تو وہ ہر روز ہر نماز کے بعد اس طرح سے ناد علیؑ پڑھے کہ نماز فجر کے بعد اکتالیس مرتبہ نماز اظہر کے بعد اکیس مرتبہ، نماز عصر کے بعد گیارہ مرتبہ، نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ اور نماز عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ اسے دشمن کے شر سے محفوظ

Marfat.com

رکھے اور اپنی حفظ و امان میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناد علیؑ کی برکت سے اس کی دعا قبول ہو گی۔

## غنی ہونے کے لئے

غنی ہونے کے واسطے صبح اور شام بارہ بارہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اللہ پاک غنی کر دے گا۔

## زیادتی دولت کے لئے

زیادتی دولت کے لئے ہر روز اکیس مرتبہ ناد علی کا ورد کریں۔

## دشمنوں کی زبان بندی کیلئے

دشمنوں کی زبان بندی کرنے کے لئے دس دن ہر روز دس بار ناد علیؑ پڑھیں۔ دشمن کی بد زبانی سے محفوظ ہو جائیں گے۔

## پوشیدہ خزانے ظاہر ہوں

خزانوں کے ظاہر ہونے کے لئے چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھنے سے اس پر خزانے ظاہر ہوں گے۔ رات کو سوتے وقت پڑھے تو خواب میں خزانے کی جگہ دیکھے گا۔

Marfat.com

## دشمن کی ہلاکت کیلئے

دشمنوں کی ہلاکت کے لئے آٹھ روز تک ہر روز سترہ مرتبہ نادِ علیؑ پڑھیں۔

## حصول فتح و کامیابی

کسی شہر کی فتح یابی کے لئے پانچ روز تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھیں تو اس شہر پر فتح حاصل ہو گی۔

## دشمن کو دفع کرنے کیلئے

دشمن کے دفع ہونے کے لئے تیس روز تک ہر روز تیس بار نادِ علیؑ پڑھیں۔

## دشمنوں کے شر سے محفوظ

دشمنوں کے شر سے بچاؤ کے لئے روزانہ سو مرتبہ چھ روز تک نادِ علیؑ پڑھیں۔

## جن و انس کے شر سے محفوظ

اگر کوئی ایک سو چھتیس مرتبہ پڑھے تو جن و انس کے شر سے امان خدا میں رہے گا۔

Marfat.com

## محتاجی دور ہو جائے

اگر کوئی چالیس روز تک ہر روز چالیس مرتبہ پڑھے تو کبھی محتاج نہ ہو گا۔

## وسوسوں کے خاتمہ کیلئے

جو اس کو بکثرت پڑھے تو اس کے دل سے وسوسے دور ہوں۔

## خلق میں عزیز ہونے کیلئے

جو اسے باقاعدہ اپنے ورد میں رکھے وہ آدمیوں کی نظر میں عزیز و مکرم ہو گا۔

## لوگ تعظیم کریں

جو اسے بہت پڑھے تو دیکھنے والے اس کی بہت تعظیم کریں گے۔

## ہر شے کے شر سے محفوظ

جو کوئی اس کو باقاعدہ ورد میں رکھے تو اللہ تعالیٰ اسے ہر شے کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

## عداوت ختم

اگر تین مرتبہ نادِ علیؑ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے دو ایسے

Marfat.com

آدمیوں کو کھلا دیں جن میں بہت عداوت ہو تو ان میں پکی دوستی ہو جائے گی۔

## دشمن دفع ہو جائے

اگر دشمن کے دفع کرنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو آٹے کی تیس گولیاں بنا کر ان میں سے ہر ایک گولی پر ایک مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر جانوروں کو کھلا دیں تو دشمن دفع ہو جائے گا۔

## قید سے رہائی کیلئے

اگر کسی کو ناحق قید میں ڈال دیا گیا ہو رہائی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو نماز عشاء کے بعد اکتالیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد قید سے رہائی ہو گی۔

## مقدمہ میں فتح و کامیابی

اس مقصد کے لئے ناد علیؑ پڑھنے کا طریقہ یہ ہے کہ ہر نماز کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے۔ ناد علیؑ پڑھنے کے دوران کسی سے کوئی کلام نہ کرے۔ نماز فجر کے بعد اکہتر مرتبہ ناد علیؑ

Marfat.com

پڑھے۔ نماز ظہر کے بعد اکسٹھ مرتبہ پڑھے، نماز عصر کے بعد اکیاون مرتبہ پڑھے، نماز مغرب کے بعد اکتالیس مرتبہ پڑھے اور نماز عشاء کے بعد اکیس مرتبہ پڑھے۔ ہر مرتبہ پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے، انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الٰہی میں قبول ہو گی۔ مقدمے کا فیصلہ اس کے حق میں ہو گا۔

## دشمن سے صلح کرنے کیلئے

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ اس کی دشمن کے ساتھ صلح ہو جائے تاکہ کسی طرح سے دشمنی کا خاتمہ ہو جائے جبکہ اس کا دشمن ایسا نہ چاہتا ہو اور کسی بھی طرح صلح پر آمادہ نہ ہوتا ہو تو اس صورت میں چاہئے کہ ہر نماز کے بعد اکیس مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ چالیس یوم تک بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے دل میں بھی رحمدلی کے جذبات پیدا ہوں گے اور وہ دشمنی ختم کر کے صلح کی طرف مائل ہو گا۔

## بے خوابی کے خاتمہ کیلئے

بے خوابی کا عارضہ دور کرنے کے لئے رات کو سونے سے قبل باوضو حالت میں اول و آخر سات مرتبہ درود پاک پڑھے اور

Marfat.com

گیارہ مرتبہ نادِ علیؓ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ چند یوم کے اندر ہی بے خوابی کی شکایت رفع ہو جائے گی۔

## حصول گمشدہ اشیاء

اگر کسی کی کوئی چیز گم ہو گئی ہو اور تلاش بسیار کے باوجود نہ مل رہی ہو اس کے بارے میں کچھ پتہ نہ چلتا ہو کہ وہ کہاں ہے تو اس گمشدہ چیز کے حصول کی غرض سے ہر روز باوضو حالت میں اکتالیس مرتبہ نادِ علیؓ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز دستیاب ہو جائے گی۔

## قرض سے نجات کیلئے

قرض سے نجات حاصل کرنے کی غرض سے فجر کی نماز کے بعد ہر روز بلاناغہ ستر مرتبہ نادِ علیؓ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اسکے بعد دعا مانگے کہ ”یا اللہ نادِ علیؓ کی برکت سے اور حضور نبی کریم ﷺ کے طفیل مجھے قرض کے بوجھ سے نجات عطا فرما اور قرض کی ادائیگی کے اسباب پیدا فرما۔“ بفضل باری تعالیٰ تھوڑے دنوں کے عمل سے ہی قرض کی ادائیگی کے اسباب پردہ غیب سے پیدا ہو جائیں گے۔

Marfat.com

## کتے نے کاٹ لیا ہو تو

اگر کسی کو باؤلا کتا کاٹ لے تو فوری طور پر 40 مرتبہ نادِ علیؑ اور 15 مرتبہ اخلاص پڑھ کر عرق گلاب پر دم کرے اول و آخرت تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور یہ دم کیا ہوا عرق گلاب مریض کو پلائے۔ اکتالیس یوم تک بلاناغہ پڑھ کر دم کرے پلانے سے بفضل باری تعالیٰ کتے کے کاٹے کا اثر جاتا رہتا ہے۔

## مقدمہ میں فتح حاصل ہو

اگر کسی پر کوئی ناجائز مقدمہ قائم کر دیا گیا ہو کسی جھوٹے مقدمہ میں پھنسا دیا گیا ہو اور مقدمہ سے خلاصی کی کوئی صورت دکھائی نہ دیتی ہو تو چاند کے مہینہ کی پہلی جمعرات کو نماز عشاء کے بعد باوضو حالت میں تنہائی میں بیٹھ کر اول و آخر 101 مرتبہ درود پاک پڑھے درمیان میں 101 مرتبہ نادِ علیؑ پڑھے ہر روز بلاناغہ یہ عمل کرے پڑھنے کے بعد اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ چالیس یوم تک اس طرح عمل کو جاری رکھے انشاء اللہ تعالیٰ مقدمہ میں کامیابی ہو گی۔

Marfat.com

## مطلوبہ جگہ پر نکاح ہو

اگر کوئی کسی جگہ پر نکاح کرنے کا خواہش مند ہو گھر میں کوئی اس رشتہ پر راضی ہو اور کوئی نارض ہو تو ایسی صورت میں سب گھر والوں کو راضی کرنے کی عرض سے ہر روز نماز فجر کے بعد باوضو حالت میں قبلہ رو ہو کر بیٹھے کسی سے کوئی کلام نہ کرے اور پچیس مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اپنے مقصد کے حصول کے لئے دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی دعا بارگاہ الہی میں قبولیت کا شرف حاصل کرے گی اور جس جگہ چاہتا ہے اس کی شادی ہو جائے گی۔

## دشمن پر غلبہ پانے کیلئے

جس کا دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کے در پے رہتا ہو کسی بھی طرح راہ راست پر نہ آتا ہو تو اس پر غلبہ پانے کی غرض سے ہر روز نماز ظہر کے بعد چودہ مرتبہ ناد علیؑ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن مغلوب ہو گا۔

## دو افراد میں دشمنی ختم ہو جائے

ایسے دوست، عزیز یا محلّہ دار جو کسی طرح بھی دشمنی ختم

Marfat.com

کرنے پر آمادہ نہ ہوتے ہوں۔ صلح کے لئے دونوں میں سے کوئی بھی پہل کرنے کے لئے تیار نہ ہو تو اس مقصد کے لئے کہ دونوں کے مابین دشمنی کی فضا ختم ہو جائے اور دونوں صلح پر آمادگی کا اظہار کریں۔ باوضو حالت میں بادام کی چند گریاں لے کر اول و آخر تین تین بار درود پاک پڑھا جائے۔ درمیان میں اکتالیس مرتبہ نادعلیؑ پڑھ کر دم کرے پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے کہ اللہ تعالیٰ ان دونوں کے دلوں میں محبت واخوت کے جذبات ایک دوسرے کے لئے پیدا کر دے۔ اس کے بعد بادام کی یہ گریاں ان دونوں کو کھلا دے۔ بفضل باری تعالیٰ چند یوم کے عمل سے دونوں کے مابین محبت پیدا ہو جائے گی۔

## آفات سے محفوظ

جو کوئی یہ چاہتا ہو کہ وہ آفات وبلیات سے محفوظ رہے کسی بھی مصیبت میں مبتلا نہ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ نادعلیؑ پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ نادعلیؑ کی برکت سے اس پر اپنا فضل وکرم نازل فرمائے گا اسے اپنی حفظ وامان میں رکھے گا۔

Marfat.com

# بری عادات سے چھٹکارا

جو کوئی بری عادات میں مبتلا ہو اور چاہتا ہو کہ اس کی بری عادات اس سے چھوٹ جائیں اس کے دل میں برائی کے خلاف زبردست نفرت پیدا ہو جائے اور وہ برائی کو چھوڑنے کا ارادہ کرے تو اس کے ارادے کو تقویت حاصل ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز پابندی سے اور باجماعت ادا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بری عادات سے محفوظ رہے گا۔

☆☆☆

Marfat.com

# عظیم اینڈ سنز کی عظیم کتابیں




عظیم اینڈ سنز پبلشرز


Marfat.com